Email- info@awamilalkaar.com
MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم
جلد 14 پیر، 9 اکتوبر 2023ء، 22 ربیع الاول 1445ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 161

پنجاب کارڈیالوجی کو تین ماہ میں مکمل کرنے کی ہدایت

پی آئی سی ایمرجنسی بلاک ہوگا اپ گریڈ، نئے سرجنز آئینگے، آئی سی یو اور آپریشن تھیٹرز نئے بنیں گے، 100 بیڈز کا اضافہ کیا جائیگا

وزیراعلیٰ محسن نقوی کا اپ گریڈیشن پلان کا آن گراونڈ جائزہ لینے کیلئے پی آئی سی کا دورہ، بورڈ کی منظوری کے بعد کنٹریکٹ پر بھی سرجنز کو ہائیر کیا جائے: محسن نقوی

لاہور (آئی آئی پی) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی خصوصی ہدایت پر پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے ایمرجنسی بلاک کا اپ گریڈیشن پلان تیار کرلیا گیا ہے۔ پلان کے تحت ایمرجنسی بلاک اپ گریڈ ہوگا، نئے سرجنز آئیں گے۔ آئی سی یو اور آپریشن تھیٹرز نئے بنیں گے، 100 بیڈز کا مزید اضافہ کیا جائے گا۔ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے اپ گریڈیشن پلان کا آن (بقیہ نمبر 1)

ہرات زلزلے کے باعث گرنے والی عمارتوں کے ملبے سے لاش کو نکالا جارہا ہے

فلسطینی پر اسرائیلی قبضے کی مذمت کے بغیر امن ممکن نہیں، صدر مملکت

فلسطینیوں کی زمینوں پر مسلسل قبضے کے نتیجے میں امن کی جانب پیش رفت نہیں ہوئی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت نے کہا ہے کہ فلسطینی پر اسرائیلی قبضے کی مذمت کے بغیر امن ممکن نہیں۔ عارف علوی نے بیان میں کہا کہ اسرائیل کی جانب سے فلسطینیوں کے حقوق اور عوام پر غاصبانہ قبضے اور ظلم وستم کی مذمت کے بغیر امن کی طرف پیش رفت ممکن نہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ فلسطینیوں کی زمین کے مسلسل الحاق، غیر قانونی بستیوں، غیر متناسب ردعمل اور قتل عام کا نتیجہ امن کی جانب ناامیدی اور عدم پیش رفت ہی (بقیہ نمبر 2)

آئیسکو کی ڈیڈ ڈیفالٹرز سے واجبات کی وصولی مہم جاری

آئیسکو نے 258 رننگ ڈیفالٹرز سے 33 لاکھ 19 ہزار کے واجبات وصول کئے

اسلام آباد (پینا نیوز) آئیسکو میں رننگ اور ڈیڈ ڈیفالٹرز سے واجبات وصولی کمپین کامیابی سے جاری ہے، آئیسکو چیف ایگزیکٹیو کے مطابق 258 رننگ ڈیفالٹرز سے 33 لاکھ 19 ہزار کے واجبات وصول کئے گئے (بقیہ نمبر 5)

50 ہزار سے کم تنخواہ پر ٹیکس عائد کرنے کی تجویز واپس

حالیہ مہنگائی اور لیبر مارکیٹ کی صورتحال کے مطابق اپڈیٹ کرنے کی ضرورت ہے، عالمی بینک

اسلام آباد (پینا نیوز) عالمی بینک نے 50 ہزار ماہانہ تنخواہ لینے والے افراد پر ٹیکس عائد کرنے کی تجویز واپس لے لی۔ عالمی بینک نے اپنی تجویز واپس لیتے ہوئے کہا ہے کہ تجویز 2019 کے اعداد و شمار کی بنیاد پر جاری کی گئی (بقیہ نمبر 4)

سولر پینلز کی آڑ میں 13 ارب روپے کی منی لانڈرنگ

ایف بی آر کراچی نے بعد از کسٹمز کلیئرنس آڈٹ کے دوران سولر پینلز کی مزید 6 فرضی کمپنیوں کی نشاندہی کی ہے

کراچی (پینا نیوز) ڈائریکٹوریٹ پوسٹ کلیئرنس آڈٹ ایف بی آر نے سولر پینل کی درآمدات کی آڑ میں اوور انوائسنگ اور منی لانڈرنگ مافیا کے خلاف ایک اور بڑی کارروائی کرتے ہوئے 13 ارب روپے کی منی (بقیہ نمبر 3)

نواز شریف کی واپسی پر گرفتاری بارے سوال ہونے کو بہت کچھ ہوسکتا ہے، مرتضیٰ سولنگی

سیاسی جماعتوں کے حقوق برابر ہیں: نگران وزیر اطلاعات

الیکشن کمیشن اور نگران حکومت تمام رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کو برابر مواقع کی فراہمی یقینی بنائیں گے، ہمارا مقصد اپنی ریاست، شہریوں اور قومی سرحدوں کا دفاع کرنا ہے

ملک کے اندر غیر قانونی مقیم غیر ملکی افراد 31 اکتوبر تک رضاکارانہ طور پر ملک چھوڑ دیں، الیکشن کی تاریخ دینا نگراں حکومت کا کام نہیں، الیکشن کمیشن انتخابات کی جس تاریخ کا اعلان کرے گا، نگران وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات مرتضیٰ سولنگی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سمیت تمام سیاسی جماعتوں کے حقوق برابر ہیں، الیکشن کمیشن اور نگران حکومت تمام رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کو برابر مواقع کی فراہمی یقینی بنائیں گے، ہمارا مقصد اپنی ریاست، شہریوں اور قومی سرحدوں کا دفاع کرنا ہے، ملک کے اندر غیر قانونی مقیم غیر ملکی افراد 31 اکتوبر تک رضاکارانہ طور پر ملک چھوڑ دیں، 31 اکتوبر کے بعد ایسے (بقیہ نمبر 15)

افغانستان میں زلزلہ ہلاکتوں کی تعداد 2 ہزار سے بڑھ گئی

حالیہ زلزلے سے 2,053 افراد ہلاک، 9,240 زخمی اور 1,329 مکانات کو نقصان پہنچا یا تباہ ہوگئے ہیں

زلزلے کا مرکز ہرات سے 40 کلو میٹر شمال مغرب میں تھا اور اس کے بعد 4 اعشاریہ 6 اور 6 اعشاریہ 3 شدت کے 7 آفٹر شاکس آئے

کابل (آئی آئی پی) افغانستان کے ہرات اور دیگر مغربی صوبوں میں آنے والے طاقتور زلزلے کے نتیجے میں 2,053 افراد ہلاک اور 9,240 زخمی ہوئے ہیں۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق افغانستان میں قدرتی آفات کی وزارت کے ترجمان ملا جانان صائق نے میڈیا کو بتایا کہ حالیہ زلزلے سے 2,053 افراد ہلاک، 9,240 زخمی اور 1,329 مکانات کو (بقیہ نمبر 22)

پیپلز پارٹی کا پھر عام انتخابات کے بروقت انعقاد کا مطالبہ

جنوری میں انتخابات نہ ہوئے تو پیپلز پارٹی دھرنا دے گی، نیئر بخاری

مولانا فضل الرحمٰن کے پاس ملک کو چلانے کا کون سا فارمولا ہے؟

ہمارے پاس تو آئین کے مطابق الیکشن کا ہی فارمولا ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما نیئر بخاری نے ملک میں عام انتخابات کے بروقت انعقاد کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جنوری میں انتخابات نہ ہوئے تو پیپلز پارٹی سڑکوں پر نکلے گی، دھرنا دے گی۔ ایک انٹرویو میں پیپلز پارٹی کے رہنما نیئر حسین بخاری نے پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے صدر اور جمعیت علمائے (بقیہ نمبر 16)

نیب کا کارروائیوں کیلئے انٹیلی جنس ماہرین بھرتی کرنے کا فیصلہ

بریگیڈیئر سطح کے ریٹائرڈ افسران بھرتی کئے جائیں گے، ذرائع

لاہور (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) نے ملک بھر میں کارروائیوں کے لئے انٹیلی جنس ماہرین بھرتی کرنے کا فیصلہ کیا جس کے تحت بریگیڈیئر سطح (بقیہ نمبر 23)

عازمین حج کو بہترین سفری سہولتیں پیش کی جائیں گی: انیق احمد وزیر مذہبی امور

ہم نے اپنے کام کا آغاز کر دیا ہے اور عنقریب حجاج کی خدمت میں اچھی خبریں پیش کی جائیں گی

قومی ایئرلائن حجاج کی خدمت کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے: ایئر مارشل (ر) فرحت حسین ملک

(اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیر مذہبی امور انیق احمد نے کہا ہے کہ وہ عازمین حج کو بہترین سفری سہولتیں فراہم کرنے کیلئے مسلسل کوششوں میں مصروف ہیں اور بہت جلد عازمین حج کو اچھی خبریں سننے کو ملیں گی۔ انہوں نے کہا کہ معیار پر سمجھوتہ کیے بغیر سفری سہولتوں کو فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش یہ بھی ہے کہ ٹکٹ کی قیمت میں اضافہ کیے بغیر معیار پر سمجھوتہ نہ ہو۔ یہ بات انہوں نے ہوا بازی کے وزیر ایئر مارشل (ر) فرحت حسین ملک سے انکے دفتر میں منعقد ہونے والے اجلاس میں کہی۔ اس موقع پر وزیر (بقیہ نمبر 17)

حج انتظامات کے سلسلے میں وزیر مذہبی امور انیق احمد خصوصی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں، اس موقع پر وزیراعظم کے مشیر ہوابازی ایئر مارشل (ر) فرحت حسین اور سیکرٹری سیف انجم بھی موجود ہیں

گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن سے نگران وفاقی وزیر ڈاکٹر عمر سیف ملاقات کر رہے ہیں

حماس نے قیدیوں کے تبادلے کا اشارہ دے دیا

اسرائیل کے ساتھ لڑائی ابتدائی مرحلے میں ہے، ترجمان حازم قاسم

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) فلسطینی عسکریت پسند تنظیم حماس کے ترجمان حازم قاسم نے کہا ہے کہ ہم اسرائیلی جیلوں میں قید فلسطینیوں کی رہائی کا معاملہ چکتا کرنا چاہتے ہیں، آپریشن باقاعدہ منصوبہ بندی کے ساتھ کیا گیا ہے، (بقیہ نمبر 24)

پیف پارٹنرز سکولوں کیساتھ ہونے والی زیادتیوں کا نوٹس لیا جائے

موجودہ مہنگائی کے طوفان میں 550 روپے فی کس طالب علم فیسوں کی ادائیگی اونٹ کے منہ میں زیرہ کے مترادف ہے

پنجاب کے 9 تعلیمی بورڈز کے مابین پالیسیوں میں واضح فرق دکھائی دے رہا ہے، ابرار احمد خان، محمد اعجاز ملک، شاہد لطیف

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی پیف پارٹنرز سکولوں کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کا فوری نوٹس لیں۔ موجودہ مہنگائی کے طوفان میں 550 روپے فی کس طالب علم فیسوں کی ادائیگی اونٹ کے منہ میں زیرہ کے مترادف ہے اور تعلیم کے حوالے سے حکومتی سنجیدگی کا مظہر ہے۔ پنجاب کے 9 تعلیمی بورڈز کے مابین پالیسیوں میں واضح فرق دکھائی دے رہا ہے۔ تعلیمی (بقیہ نمبر 25)

نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کا نیشنل ریزیلینس ڈے پر پیغام

پاکستان میں آفات سے نمٹنے کیلئے ایک مضبوط اور متحرک ادارہ جاتی ڈھانچہ موجود ہے

اسلام آباد (پینا نیوز) نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان میں آفات سے نمٹنے کا نظام ردعمل سے سے فعال طرز عمل کی صورت میں تبدیل ہوا (بقیہ نمبر 19)

نوشہرہ میں پولیس مقابلہ، مطلوب ملزم بیوی سمیت ہلاک

ملزم ڈکیتی، اغواء برائے تاوان، کار لفٹنگ اور راہزنی کے مقدمات میں مطلوب تھا، ڈی پی او

نوشہرہ (این این آئی) نوشہرہ میں مصری بانڈہ ولی انٹرچینج موٹر وے کے قریب پولیس مقابلے میں سنگین مقدمات میں مطلوب ملزم بیوی سمیت ہلاک ہو گیا۔ (بقیہ نمبر 18)

ایپسما شمالی پنجاب کے صدر ابرار احمد کا ضلع خوشاب کے تنظیمی دورہ کے موقع پر رضا علی خان، رانا خلیل احمد، محمد اعجاز ملک، شاہد لطیف، ملک عبدالرحمن، انجینئر حبیب فیصل و ملک عبدالروف کے ساتھ گروپ فوٹو

ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم رہنے کی پیشگوئی

لاہور (انٹر نیوز) محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ ملک کے بیشتر علاقوں میں آج موسم خشک جبکہ جنوبی علاقوں میں گرم رہے گا، جب کہ گلگت بلتستان اور بالائی خیبر پختونخوا میں چند مقامات پر تیز ہواؤں (بقیہ نمبر 27)

نواز شریف کی واپسی کے اعلان پر پروپیگنڈا ہو رہا ہے: عظمیٰ بخاری

لاہور (سی ایم لنکس) مسلم لیگ ن کی رہنما عظمیٰ بخاری نے بتایا ہے کہ سابق وزیر اعظم میاں نواز شریف 21 اکتوبر کو آئندہ کا لائحہ عمل دیں گے، بدقسمتی سے آج ان کی وطن واپسی کے اعلان پر پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے (بقیہ نمبر 28)

نواز شریف نے کبھی انتقام نہیں لیا، حمزہ شہباز

لاہور (پینا نیوز) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر حمزہ شہباز شریف نے کہا ہے کہ تاریخ گواہ ہے نواز شریف نے کبھی انتقام نہیں لیا۔ حمزہ شہباز شریف نے ایک بیان میں کہا کہ قوم کا اتحاد، معاشی بحالی اور مہنگائی سے عوام کی نجات نواز شریف کا مشن ہے، چوتھی بار نواز شریف کا وزیراعظم بننا مہنگائی سے چوتھی بار عوام کی جان چھڑانا ہوگا۔ (بقیہ نمبر 29)

سینئر صحافی نصیر بھٹی کی خالہ کی وفات پر مشترکہ تعزیتی بیان

اللہ پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائیں اور مرحومہ کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی

گوجرخان (قمر شہزاد) مسلم لیگ یوتھ ونگ ن راولپنڈی ڈویژن کے سابق صدر سید ندیم عباس بخاری مرکزی انجمن تاجران گوجرخان کے سرپرست اعلیٰ حاجی خواجہ محمد اعجاز مرکزی انجمن آڑھتیاں گوجرخان کے صدر راجہ سجاد سلیم حیدر عرف کالا مسلم لیگ ن حلقہ پی پی 8 کے چوہدری خالد محمود حلقہ پی پی 9 کے صدر راجہ فیصل بھٹی ایڈووکیٹ (بقیہ نمبر 26)

تین اعلیٰ افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری

راشد کمال الرحمٰن سیکرٹری تحفظ ماحولیات، نادر چٹھہ سیکرٹری زراعت تعینات

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے تین اعلیٰ افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈائریکٹر جنرل (لیبر ویلفیئر) راشد کمال الرحمٰن کو سیکرٹری تحفظ ماحولیات تعینات، سیکرٹری پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نادر چٹھہ کو سیکرٹری زراعت جبکہ مظفر خان کو سیکرٹری پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ تعینات کر دیا گیا۔

غیر قانونی غیر ملکی افراد
کے لیے مہلت
دن باقی
22
@GovtofPakistan

ای روزگار سینٹرز کو فعال کرنے سے مثبت نتائج آ رہے ہیں، بلیغ الرحمٰن

گورنر پنجاب سے وزیر آئی ٹی عمر سیف، وزیر برائے انسانی حقوق خلیل جارج کی ملاقات

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن سے گورنر ہاؤس لاہور میں نگران وفاقی وزرا نے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں میں نگران وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ٹیلی کمیونیکیشن ڈاکٹر عمر سیف اور وزیر برائے انسانی حقوق خلیل جارج شامل تھے۔ ملاقاتوں میں اقلیتوں اور آئی ٹی کے شعبے کے فروغ اور بہتری کے حوالے سے تفصیلی (بقیہ نمبر 20)

پاکستان کسان اتحاد نے لانگ مارچ کا عندیہ

تمام اضلاع کے ضلعی صدور کا فیصلہ کن اجلاس 10 اکتوبر کو طلب کرلیا گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان کسان اتحاد نے حکومتی پالیسیوں کے خلاف وفاقی دارالحکومت کی طرف لانگ مارچ کا عندیہ دے دیا۔ پاکستان کسان اتحاد کی جانب سے تمام اضلاع کے ضلعی صدور کا فیصلہ کن اجلاس 10 اکتوبر کو طلب کرلیا گیا۔ مرکزی صدر پاکستان کسان اتحاد ملک ذوالفقار اعوان نے بیان میں کہا کہ حکومت کی (بقیہ نمبر 21)

ایئر وائس مارشل طارق محمود غازی، ایئر آفیسر کمانڈنگ، سینٹرل ایئر کمانڈ، اس پروقار افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاک فضائیہ کی جانب سے 14 ملکی بین الاقوامی فضائی مشق انڈس شیلڈ 2023ء کا آغاز

فضائی جنگ کے نئے ابھرتے ہوئے محرکات کے تناظر میں مشترکہ مقاصد کے حصول کے لیے بین الاقوامی فضائی مشقوں کی اہمیت کو اجاگر کیا

یہ مشق خطے کی اہم فضائی قوتوں کے مابین، تعاون اور برادرانہ تعلقات کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم قدم ہے، ایئر وائس مارشل طارق محمود غازی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) بین الاقوامی عسکری شراکت داری کو فروغ دینے اور فضائی قوت کا شاندار مظاہرہ کرتے ہوئے، پاک فضائیہ کی ایک آپریشنل ایئر بیس پر 14 ملکی بین الاقوامی فضائی مشق، انڈس شیلڈ 2023- کی افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ایئر وائس مارشل طارق محمود غازی، ایئر آفیسر کمانڈنگ، سینٹرل ایئر کمانڈ، اس پروقار افتتاحی تقریب کے موقع پر مہمان خصوصی تھے۔ (بقیہ نمبر 6)

پاک فضائیہ کی جانب سے 14 ملکی بین الاقوامی فضائی مشق انڈس شیلڈ 2023- کا آغاز پر شرکاء کا گروپ فوٹو

پاکستان مشکل وقت میں افغان بھائیوں اور بہنوں سے مکمل یکجہتی کرتا ہے

پاکستان بحالی کی کوششوں میں ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (پینا نیوز) پاکستان کی حکومت اور عوام گزشتہ روز افغانستان کے مغربی علاقوں میں آنے والے تباہ کن زلزلے پر شدید غمزدہ ہیں، جس کے نتیجے میں (بقیہ نمبر 7)

ہم کبھی بھی ناجائز اسرائیلی صیہونی ریاست کو قبول نہیں کرینگے، سعد رضوی

لاہور (سی ایم لنکس) تحریک لبیک پاکستان کے امیر حافظ سعد حسین رضوی کا کہنا ہے کہ اسرائیلی جارحیت کے خلاف فلسطین کا منہ توڑ جواب عالمی برادری کیلئے واضح پیغام ہے، اسرائیل جیسی ناجائز ریاست کے خاتمے کے لئے امت مسلمہ کے پاس جہاد کے سوا کوئی آپشن نہیں، ایسے حالات میں امت مسلمہ کی خاموشی لمحہ فکریہ ہے، تمام اسلامی ممالک کھل کر اسرائیل کے خلاف اپنے (بقیہ نمبر 8)

میری پہلی اور آخری ترجیح معیشت کی بحالی ہے، نواز شریف

پاکستان کو معاشی میدان میں مستحکم کرنے کیلئے سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا

لندن (پینا نیوز) قائد مسلم لیگ (ن) نواز شریف نے کہا ہے کہ میری پہلی اور آخری ترجیح معیشت کی بحالی ہے۔ نواز شریف نے لندن میں اوورسیز رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میری پہلی اور آخری ترجیح معیشت کی بحالی ہے، پاکستان کو معاشی (بقیہ نمبر 9)

ایس ای سی پی کا عوام کو سرمایہ کاری کی جعلی سکیموں بارے انتباہ

زیادہ اور غیر حقیقی منافع کے لالچ میں اپنی جمع پونجی اور قیمتی سرمایہ سے ہاتھ دھو سکتے ہیں

عوام کو آن لائن اشتہارات کو دیکھنے کے مختلف پیکجز کے نام پر آمدنی اور منافع کا لالچ دے کر لوٹ رہی ہے

اسلام آباد (پینا نیوز) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے عوام الناس کو ایک بار پھر آن لائن اور دیگر ذرائع سے مارکیٹنگ کی جانے والی سرمایہ کاری اور منافع کی غیر قانونی اسکیموں بارے انتباہ جاری کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ زیادہ اور غیر حقیقی منافع کے لالچ میں اپنی جمع پونجی اور قیمتی سرمایہ سے ہاتھ دھو سکتے ہیں۔ ایس ای سی پی نے ایسی ایک اور کمپنی میلیو رٹیک کی نشاندہی (بقیہ نمبر 10)

ہرات، زلزلے سے تباہی کے بعد گری ہوئی عمارتوں کا ملبہ ہٹایا جا رہا ہے

قوموں کی زندگی میں سانحات آتے ہیں: وزیراعظم آزاد کشمیر

مظفر آباد (سی ایم لنکس) وزیر اعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق نے کہا ہے کہ قوموں کی زندگی میں سانحات آتے ہیں، زندہ قومیں اپنی اخلاقیات کی بنا پر تعمیر نو کرتی ہیں۔ مظفر آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ تعمیر نو (بقیہ نمبر 11)

'اندھی دنیا کی بینائی واپس آ گئی': بھارتی اداکارہ کا فلسطین کے حق میں بیان

ممبئی (پینا نیوز) حماس کے اسرائیل پر حملے کے بعد معروف بھارتی اداکارہ گوہر خان فلسطین کی حمایت میں سامنے آ گئیں۔ فلسطینی مزاحمتی تنظیم اور غزہ کی حکمراں جماعت حماس نے گزشتہ روز اسرائیل پر اچانک (بقیہ نمبر 12)

اسلامی تعاون تنظیم نے خطے میں کشیدگی کا ذمہ دار اسرائیل کو ٹھہرا دیا

ہم صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں، اقوام متحدہ سے اسرائیلی جارحیت کو روکنے کا مطالبہ

نیویارک (این این آئی) اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) نے کہا ہے کہ خطے میں کشیدگی کا ذمہ دار اسرائیل ہے، عالمی برادری بالخصوص اقوام متحدہ اسرائیلی جارحیت کو روکنے میں اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر او آئی سی نے فلسطین اور اسرائیل کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی پر تشویش (بقیہ نمبر 13)

91 گیس کنکشن منقطع، چوروں کو 50 لاکھ روپے جرمانہ

گیس چوری کریک ڈاؤن کے دوران پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 91 گیس کنکشن منقطع

234 انڈر بلنگ کیسز اندراج / پروسیس کئے گئے اور 50 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کئے گئے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) گیس چوری کریک ڈاؤن کے دوران پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 91 گیس کنکشن منقطع، 4 3 2 انڈر بلنگ کیسز اندراج / پروسیس کئے گئے اور 50 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 91 گیس کنکشن منقطع کردیے، 234 انڈر بلنگ کیسز اندراج / پروسیس کردیے گئے۔ گیس چوری میں ملوث افراد پر 50 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کردیے گئے ہیں۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 11 گھریلو کنکشن، کمپریسر کے استعمال پر 5 کنکشن منقطع کیے گئے اور 1Fir بھی درج کی گئی۔ بہاولپور میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے کمپریسر کے استعمال پر 07، جبکہ 05 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج کئے گئے اور 15 ہزار روپے بھی انڈر بلنگ اور گیس چوری کی مد میں بک کی گئی. مردان میں ٹیم نے کارروائی کے دوران گیس کے غیر قانونی استعمال پر 01 اور 0.42 ملین کی رقم بھی بک کی (بقیہ نمبر 14)

گیس چوروں کے خلاف کارروائی کی جارہی ہے

ABC Certified MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

امریکہ کا بھارت سے سفارتی تعلقات محدود کرنے کا اعلان

امریکی سفیر ایرک گارسیٹی نے بھارت کے ساتھ سفارتی تعلقات محدود کرنے کا اعلان کر دیا۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایرک گارسیٹی نے کہا کہ امریکا کو غیر معینہ مدت کے لیے بھارت کے ساتھ رابطہ منقطع کرنا ہوگا۔ ہردیپ سنگھ تنازعہ کے باعث امریکا اور بھارت کے تعلقات مزید خراب ہو سکتے ہیں۔ دوسری جانب امریکی سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے کہا گیا ہے کہ ہردیپ سنگھ قتل میں بھارت کے ملوث ہونے کا الزام انتہائی سنگین ہے، بھارت کو ہردیپ سنگھ قتل کی تحقیقات میں کینیڈا کے ساتھ تعاون کرنا ہوگا۔ ترجمان امریکی محکمہ خارجہ نے کہا سکھوں کی تحریک خالصتان اور احتجاجی مظاہروں کو امریکا کی حمایت حاصل ہے۔ امریکہ میں رہنے والے ہر شہری کو اظہار رائے کی آزادی حاصل ہے۔

پاکستان میں ہونیوالی بھارتی دہشت گردی اور اسکے توسیع پسندانہ عزائم کیخلاف پاکستان کئی بار ٹھوس ثبوتوں پر مبنی ڈوزیئر امریکی دفتر خارجہ، برطانیہ اور اقوام متحدہ کو فراہم کر چکا ہے اور بارہا اسکی سازشوں کو بے نقاب کر کے عالمی برادری بالخصوص اقوام متحدہ سے اسکے خلاف کارروائی کا مطالبہ کر چکا ہے مگر عالمی طاقتوں نے پاکستان کے فراہم کردہ ڈوزیئرز کو اہمیت دی نہ اسکے مطالبے پر کان دھرے۔ امریکی اور برطانوی سینیٹرز بھی اپنی اپنی حکومتوں سے خطے میں بھارت کے توسیع پسندانہ عزائم اور اسکی سازشوں کیخلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کر چکے ہیں جبکہ امریکہ کا ایک معروف جریدہ فارن پالیسی بھارت کو عالمی نمبرون دہشت گرد قرار دے چکا ہے۔ اب اسکی یہ سازشی سرگرمیاں صرف اس خطے تک ہی محدود نہیں رہیں عالمی طاقتوں کی مجرمانہ خاموشی سے اسکے حوصلے اتنے بلند ہو گئے کہ کینیڈا بھی اسکے شر سے محفوظ نہیں رہا جہاں حال ہی میں اسکی خفیہ ایجنسی را نے خالصتان تحریک کے مرکزی رہنما ہردیپ سنگھ کو قتل کر کے دنیا کو اپنی ہٹ دھرمی کا ننگا ثبوت دیا ہے۔ اسی تناظر میں گزشتہ روز امریکی سفیر ایرک گارسیٹی نے بھارت کے ساتھ سفارتی تعلقات محدود کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اب امریکہ سمیت عالمی برادری کو یہ ادراک ہو چکا ہے کہ بھارت واقعی ایک دہشت گرد ملک ہے جس کے توسیع پسندانہ عزائم پوری دنیا کیلئے خطرات پیدا کر چکے ہیں تو اب اسے عالمی دہشت گرد قرار دیتے ہوئے اسکے کیخلاف عالمی پابندیوں اور کارروائیوں کا آغاز کر دینا چاہیے۔ دنیا کو ہونیوالا یہ ادراک ہی عالمی امن کی ضمانت بن سکتا ہے۔

گیلپ، پاک فوج اور چیرمین پی ٹی آئی

وطن پرست

جہانزیب خان کاکڑ

یقین کیجئے مجھے گیلپ پاکستان کے سروے نے حیران کر کے رکھ دیا ہے، پروفیسر نعیم مسعود نے اسے گیلپ کی گپ کہا، بولے، یہ ایک گپ میں ہی ہوسکتا ہے کہ سروے کے شرکا پاک فوج کی بھی تعریف کر رہے ہوں اور اس عمران خان کی بھی جو فوج کو محض آئینی طور پر اپنا نیوٹرل کردار ادا کرنے پر جانور کہتے رہے اور اس کے سربراہ کو میر جعفر اور میر صادق، جن پر یہ ثابت ہوگیا کہ ان کی منصوبہ بندی سے ہی ان کی گرفتاری پر جی ایچ کیو راولپنڈی اور کور کمانڈر ہاس پر ہی نہیں سرگودھا سمیت مختلف شہروں میں شہدا کی یادگاروں پر حملے بھی کئے گئے۔ مجھے ملا نصیرالدین یاد آگئے جنہیں کسی نے گیلپ جیسی عدالت کا جج بنا دیا، انہوں نے مدعی کو سنا تو فیصلہ سنا دیا تم ٹھیک کہتے ہو، ملزم اس پر چیخا، اپنا موقف بیان کیا تو فیصلہ دیا کہ تم بھی ٹھیک کہتے ہو، میرے جیسا کوئی کم آئی کیو والا وہاں موجود تھا، حیران ہوا، بولا، ملا یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ مدعی اور ملزم دونوں ہی ٹھیک کہتے ہوں، ملا مسکرائے اور نہایت دانشورانہ انداز میں بولے، تم بھی ٹھیک کہتے ہو۔ اب اصل سوال یہ ہے کہ گیلپ نے ملک بھر میں ایسے سیمپل، کیسے ڈھونڈے جو جی ایچ کیو کے بھی معترف ہیں اور جی ایچ کیو پر حملہ کروانے والوں کے بھی۔ گیلپ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر برادر بلال گیلانی نے کہا کہ گیلپ چالیس برسوں سے سروے کا کام کر رہا ہے اور اس کی اس فیلڈ میں بڑی ساکھ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ سروے سابق وزیراعظم اور ری امیجنگ پاکستان کے شاہد خاقان عباسی کے لئے کیا گیا۔ ظاہر ہے کہ میں گیلپ پاکستان کی ساکھ کو چیلنج نہیں کرسکتا اور بلال کی بات کو اہمیت دیتا ہوں کہ انہوں نے سیمپلنگ کے لئے مروجہ قواعد وضوابط کو یقینی طور پر ملحوظ رکھا ہوگا مگر میرا کہنا ہے کہ اس سروے میں واضح تضادات موجود ہیں اور گیلپ نے ایک ہی ہلے میں فوج اور پی ٹی آئی دونوں کو خوش کر دیا ہے۔ وہ کہہ رہے ہیں کہ پاک فوج پر ملک بھر میں اٹھاسی فیصد جبکہ پنجاب میں نوے فیصد) پی ٹی آئی کے ہوم گراونڈ خیبر پختونخوا میں اکانوے فیصد (اعتماد رکھتے ہیں۔ میں اگر پاک فوج کو بطور ادارہ دیکھوں تو مجھے کہنے میں عار نہیں کہ یہ اعتماد اٹھاسی نہیں کم از کم اٹھانوے فیصد ہونا چاہئے کہ فوج ہی وہ واحد ادارہ ہے جس میں ڈسپلن بھی ہے اور میرٹ بھی ہے۔ جب ہم اس کا سیاسی جماعتوں کے ساتھ تقابل کرتے ہیں تو ہمیں جنرل ایوب خان سے جنرل عاصم منیر تک عام گھروں کے بیٹے اس کے سربراہ بنتے ہوئے نظر آتے ہیں مگر کیا ہم اسی میرٹ اور جمہوریت کا مظاہرہ اپنی جمہوری سیاسی جماعتوں میں بھی دیکھ سکتے ہیں، کیا وہاں کارکن سربراہ بن سکتے ہیں۔ یہ بات بھی ریکارڈ پر ہے کہ انڈیا سے امریکا تک، وہ تمام ممالک جو پاک فوج کے مقابلے میں دس سے بیس گنا یا اس سے بھی زیادہ بجٹ استعمال کر رہے ہیں، وہ پروفیشنل ازم میں پاک فوج سے بہت پیچھے ہیں تو اس پر بھی فوج بطور ادارہ قابل تعریف قرار پاتی ہے مگر سوال تو یہاں سیاسی بیانیوں کا ہے۔ یہاں رائے دینے والے اپنے اپنے لیڈر کے سیاسی مفادات کے مطابق رائے دیتے ہیں۔ کیا یہ ابھی کل ہی کی بات نہیں کہ پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا ایکٹیویسٹوں کا تکیہ کلام پاک فوج کی حمایت کرنے کے لئے ماں کا نیک اور باپ کا ایک ہونا ضروری ہے، ہوا کرتا تھا۔ کیا ذوالفقار علی بھٹو، ایوب خان کے آٹھ برس تک وزیر نہیں رہے اور کیا انہوں نے بچے کھچے پاکستان کا اقتدار مجیب الرحمان کی مخالفت کر کے حاصل نہیں کیا مگر پھر وہی مخالف ہوئے۔ پرویز مشرف کے مارشل لا سے پہلے اسی کی دہائی میں نواز شریف، ضیا الحق مرحوم کی یہ دعا لے کر سیاسی میدان میں نہیں آئے تھے کہ انہیں) نواز شریف کو (ان کی) جنرل ضیاالحق (کی عمر لگ جائے مگر پھر کیا ہوا؟ سروے میں کہا گیا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی ملک بھر میں) اور پنجاب میں بھی (بے پناہ مقبول ہیں ہی مگر سعد رضوی، پرویز الٰہی اور شاہ محمود قریشی بھی نواز شریف، شہباز شریف اور مریم نواز سے زیادہ پاپولر ہیں۔ میں نے برادرم بلال گیلانی سے پوچھا کہ کیا یہ ممکن ہے تو انہوں نے اعداد وشمار کے ساتھ جواب دیا کہ 2018 میں مسلم لیگ نون کے ووٹ 2013 کے مقابلے میں بہت کم تھے۔ انہوں نے ثابت کیا کہ مسلم لیگ نون کی عدم مقبولیت کا ٹرینڈ نیا نہیں ہے بلکہ برسوں سے چل رہا ہے۔ میں نے عمر اسلم سے پوچھا، وہ لاہور میں سیاسی جماعتوں بالخصوص مسلم لیگ نون کی گراس روٹ پر پولیٹیکل رپورٹنگ میں ایک بڑا نام ہیں۔ انہوں نے مجھ سے کہا کہ نواز لیگ نے پرویز مشرف کی موجودگی میں لاہور اور پنجاب جیتا تھا اور کسے نہیں علم کہ دو ہزار اٹھارہ کے انتخابات میں کیا ہوا۔ کس طرح شیر کے انتخابی نشان کی ٹکٹیں واپس کروائی گئیں اور کس طرح آر ٹی ایس بند ہوا۔ میرا سوال تھا، ہوسکتا ہے کہ شہباز شریف اور اسحٰق ڈار کے دور میں ہونے والی مہنگائی نے مسلم لیگ نون کے ووٹ بنک پر اثر ڈالا ہو مگر ان کا کہنا تھا کہ اس کے باوجود پنجاب کا ووٹر جانتا ہے کہ مہنگائی کی اصل وجہ کیا ہے اور آنے والے دنوں میں ترقی اور خوشحالی کا نقیب کون ہوسکتا ہے۔ بہرحال اصل بات تو یہ ہے کہ نواز لیگ کی مقبولیت کا اصل پتا اس وقت چلے گا جب اکیس اکتوبر کو نواز شریف وطن واپس لوٹیں گے۔ میں انتخابی نتائج کے بارے نہیں جانتا مگر اتنا ضرور جانتا ہوں کہ جس حال میں مسلم لیگ نون 2018 کے انتخابات میں تھی، اسی حال میں جنوری 2024 میں ہونے والے انتخابات میں پی ٹی آئی ہوگی۔ میں جانتا اور مانتا ہوں کہ سعد رضوی کے چاہنے والے بہت ہیں مگر میں یہ بھی جانتا ہوں کہ پچھلے انتخابات میں ان کی پارٹی ایک بھی سیٹ نہیں جیت سکی تھی اور مجھے سیاسی میدان میں ان کی مقبولیت میں کوئی فرق نظر نہیں آتا، بریلوی طبقے کا جذباتی ووٹران کے ساتھ پہلے بھی تھا اور آج بھی ہے مگر مجھے واقعی علم نہیں کہ یہ علاقہ گجرات کے ایک دو حلقوں کے سوا کون سا ہے جہاں پر پرویز الٰہی، نواز شریف سے بھی زیادہ مقبول ہیں۔ سروے کہتا ہے کہ پولیس پر 54 فیصد عوام اعتماد کرتے ہیں، حیرت ہے۔ مجھے معذرت کے ساتھ کہنا ہے کہ اس سروے نے بہرحال گیلپ کی ساکھ میں کوئی اضافہ نہیں کیا بلکہ گیلپ اور گپ میں فرق کو کم ہی کیا ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ پی ٹی آئی کے چیئرمین کی عوام میں مقبولیت نہیں ہے مگر میں یہ ضرور کہتا ہوں کہ انتخابات کی سائنس بہت مختلف ہوتی ہے۔ میں نے نوے کی دہائی سے اب تک) محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت کے بعد ہونے والے انتخابات کے سوا (ہر مرتبہ الیکشن میں اسی سائنس کو کامیاب ہوتے ہوئے دیکھا ہے۔ ہم صحافیوں کو ہی نہیں بلکہ عوام الناس تک کو علم ہوتا ہے کہ کون سی پارٹی الیکشن جیتنے والی ہے۔ میں برادرم بلال گیلانی سے شرط لگانے کے لئے تیار ہوں کہ ان کا سروے غلط ثابت ہوگا جس میں وہ کہہ رہے ہیں کہ پی ٹی آئی پنجاب میں نواز لیگ ہی نہیں بلکہ سندھ میں پیپلز پارٹی سے بھی زیادہ مقبول ہے۔

تقدیر کو بدل دیتی ہے دعا

صدا بصحرا

رفیع صحرائی

rafisehraee5586@gmail.com

کہتے ہیں کہ قسمت کا لکھا اٹل ہوتا ہے۔ جو مقدر میں وہ مل کر ہی رہتا ہے۔ اگر کوئی چیز مقدر میں نہیں تو انسان لاکھ زور لگا لے اسے وہ چیز نہیں ملے گی۔ پنجابی میں بھی یہ اکھان عام بولا جاتا ہے کہ

"لیکھاں اگے نہیوں تیراز ور چلنا"

کچھ لوگوں کو یہ کہتے ہوئے بھی سنا گیا ہے کہ "مقدرات اٹل ہوتے ہیں"۔ اگر اس بات کو اسی طرح مان لیا جائے تو پھر اللہ تعالیٰ سے دعا وفریاد کی کیا حیثیت رہ جائے گی۔ ممکن ہے جو کچھ مقدر میں لکھا جا چکا ہے اس کے بدلنے کی شرط ہی یہی ہو کہ اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر سچے دل سے عاجزی کے ساتھ دعا کی جائے، کیونکہ قادرِ مطلق کو اپنے بندوں کی عاجزی بہت پسند ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضرت ایوب علیہ السلام کو بے پناہ دولت سے نوازا تھا۔ دنیا میں موجود کوئی ایسی چیز نہیں تھی جو حضرت ایوب علیہ السلام کے پاس نہ ہو۔ حضرت ایوب علیہ السلام اپنے وقت کے کروڑ پتی تھے۔ پھر اللہ پاک نے ان کو آزمایا۔ ان سے سب کچھ چھین لیا۔ ان کی بہت ساری اولاد تھی اور ساری ایک ساتھ فوت ہوگئی۔ وسیع وعریض رقبے پر ان کی فصلیں جل کر راکھ ہوگئیں اور اللہ نے ان کو بے شمار بیماریاں لاحق کر دیں۔

پھر ایک دن حضرت ایوب علیہ السلام نے اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا کی اور اللہ سے رحم مانگا

"ایوب کو یاد کرو جب اس نے اپنے رب کو پکارا کہ مجھے بہت تکلیف ہو رہی ہے اور تُو تو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے"

(سورۃ الأنبیاء،83)

اللہ پاک نے ایوب علیہ السلام کی دعا قبول کرلی اور حضرت ایوب علیہ السلام کو صحت یاب کر دیا اور ان کو پہلے سے بھی کئی گنا زیادہ دولت اور شان وشوکت عطا کی۔

"ہم نے ان کی دعا قبول کرلی اور جوان کو تکلیف تھی وہ دور کر دی اور ان کو بال بچے بھی عطا فرمائے"

(سورہ الانبیاء،84)

وہ اللہ ہی ہے جس کے خزانوں میں کبھی کمی نہیں آتی۔ وہ نوازنے پہ آئے تو بے انت نوازتا ہے۔ اور جب اسے اپنے بندے کا امتحان لینا ہوتا ہے تو سب کچھ واپس لے کر آزماتا ہے۔ سرخرو وہی ہوتے ہیں جو ثابت قدم رہتے ہیں۔ سچ ہی تو ہے کہ

"تقدیر کو بدل دیتی ہے دعا"

اللہ نے قرآن مجید میں حضرت زکریا علیہ السلام کی بے بسی کے واقعہ ذکر کیا ہے۔ حضرت زکریا علیہ السلام کی بیوی بانجھ تھی۔ وہ بچے پیدا نہیں کر سکتی تھی۔ حضرت زکریا علیہ السلام بوڑھے ہوگئے پوری عمر گزر گئی، بیوی بچے پیدا نہیں کر سکتی تھی تو ایک دن گھبرا کر اپنے اللہ سے دعا کی کہ "یا اللہ اب میں بوڑھا ہو گیا ہوں، میری بیوی بھی بچے پیدا نہیں کر سکتی، یا اللہ تو مجھے بڑھاپے کا سہارا دے دے" اللہ رحیم و کریم نے دعا قبول کرلی اور ایسی بیوی میں سے بچہ دے دیا جو بچے پیدا کر ہی نہیں سکتی تھی اور پھر حضرت زکریا علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے کہا

"اے میرے رب میں تجھ سے مانگ کر کبھی محروم نہیں رہا"

(سورہ مریم آیت نمبر 4)

ممکنات اور ناممکنات تو انسانی ذہنی اور انسانی پہنچ کی بات ہے، اللہ تعالیٰ کی ذات تو قادرِ مطلق ہے۔ وہ چاہے تو بن باپ کے حضرت مریم کو اولاد سے نواز دے۔

پھر قرآن میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت یونس علیہ السلام کا واقعہ ذکر کیا کہ جب وہ مچھلی کے پیٹ میں گئے تو بے بسی کا یہ عالم تھا قرآن کہہ رہا ہے کہ وہ تین اندھیروں کے پیٹ میں تھے ایک رات کا اندھیرا، دوسرا سمندر کے نیچے گہرائی کا اندھیرا اور تیسرا مچھلی کے پیٹ کا اندھیرا اور پھر حضرت یونس علیہ السلام نے بے بسی میں اللہ کو پکارا

"اندھیرے میں اللہ کو پکارنے لگے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو پاک ہے بے شک میں ہی قصوروار ہوں"

(القرآن، سورۃ الانبیاء،87)

اللہ پاک فرما رہے ہیں ہم نے یونس علیہ السلام کی پکار کا جواب دیا اور انکو وہاں سے نکالا جہاں سے نکلنے کے سارے راستے بند تھے۔

"تو ہم نے ان کی پکار سن لی اور انکو غم سے نجات بخشی" (القرآن)

اللہ پاک نے یہ واقعات قرآن مجید میں اس لیے ذکر کیے کہ میرے بندو مجھ سے کبھی نا امید نہ ہونا میں نے موسیٰ کو فرعون کی گود میں پال کر دکھایا، اسماعیل کو چھری کے نیچے بچا کر دکھایا، ابراہیم کو جلتی آگ میں بچا کر دکھایا، مریم کو بن باپ کے بیٹا دے کر دکھایا، یوسف کو ایک قیدی سے بادشاہ بنا کر دکھایا، موسیٰ کو سمندروں میں خشک راستے سے نکال کر دکھایا۔

ہم جسے پریشانی سمجھ رہے ہوتے ہیں ہوسکتا ہے وہ کسی نئے سفر کا آغاز ہو۔ جب حضرت یوسف علیہ السلام کو کنویں میں گرایا گیا تو انہیں نہیں معلوم تھا کہ یہ ایک نئے سفر کا آغاز ہے؛ پیغمبری کا سفر، بادشاہت کا سفر اور وہ کچھ نہ جانتے ہوئے بھی کہ آگے کیا ہونے والا ہے اس یقین اور بھروسے کے ساتھ بڑھ رہے تھے کہ میرا اللہ میرے ساتھ ہے اور اللہ نے نبوت سے بھی نواز دیا اور بادشاہت سے بھی نواز دیا۔

اس لیے ہمیں اللہ تبارک وتعالیٰ سے ہر وقت مانگتے رہنا چاہیے۔ اللہ کے لئے کیا مشکل ہے۔ اللہ کی ذات تو وہ ہے جو ناکامیوں میں بھی کامیابی پیدا کر سکتی ہے کیونکہ میرے اللہ نے خود فرمایا ہے۔

"جب کوئی ٹوٹ کر تڑپ کے مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی دعا قبول کرتا ہوں اس کو تکلیف کو دور کر دیتا ہوں"

(القرآن، سورۃ النمل،62)

اگر تقدیر کوئی جامد چیز ہوتی تو اللہ تعالیٰ یہ نہ فرماتا

(النجم-آیت نمبر 39)

"اور انسان کے لیے وہی ہے جس کی اس نے کوشش کی" اس آیت مبارکہ سے ثابت ہوتا ہے کہ محنت کا پھل بھی اللہ تعالیٰ کے ہاں سے ملتا ہے۔

بڑے پیمانے پر شجر کاری ماحول کو نقصان پہنچا رہی ہے

آکسفورڈ (سی ایم لنکس) ایک تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ کاربن اخراج سے نمٹنے کے لیے بڑے پیمانے پر شجر کاری کے منصوبے ماحول کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ مشہور و معروف شخصیات عموماً گرین ہاؤس گیسز کے اخراج اور موسمیاتی سے نمٹنے کے لیے اقدامات کے حوالے سے بات کرتی دکھائی دیتی ہیں۔ لیکن تحقیق کے مصنفین کے مطابق ان اقدامات میں ایک ہی قسم کے درختوں کی بڑے پیمانے پر شجر کاری ماحول کے لیے نقصان دہ ہو سکتی ہے۔ آکسفورڈ یونیورسٹی کے انوائرنمنٹل چینج انسٹیٹیوٹ کے سائنس دانوں کی جانب سے کی جانے والی تحقیق کے مطابق ایک قسم درختوں کی شجر کاری حیاتیاتی تنوع کے لیے نقصان دہ ہوتی ہے اور جنگلات کو لاحق آتشزدگی کے خطرات میں اضافہ کرتی ہے جبکہ گرین ہاؤس گیسز کو بہت کم مقدار میں جذب کرتی ہے۔ اس کے بجائے ہمیں ماحول کی حفاظت اور بحالی کو فوقیت دینی چاہیے۔ جرنل ٹرینڈز اِن ایکولوجی اینڈ ایوولوشن میں بتایا گیا کہ کاربن سے نمٹنے پر مکمل توجہ ماحول کے دیگر پہلوؤں کو نقصان پہنچا رہی ہے۔ تحقیق کے مصنف ڈاکٹر جیزس ایگوئیر-گوتیریز کا کہنا تھا کہ ٹروپیکل ماحول کی جانب سے متعدد افعال کیے جانے کے باوجود معاشرے نے ان کو صرف کاربن تک محدود کر دیا ہے۔

SPORTS سپورٹس

بابر اعظم کا "فین پیج" بنانیوالی 15 سالہ بھارتی بچی مشہور ہوگئی

والدہ کو شاہد آفریدی پسند ہیں جب کہ والد جاوید میانداد کے بڑے فین ہیں

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں ہونے والے آئی سی سی کرکٹ ورلڈکپ میں پاکستان ٹیم کے کپتان بابر اعظم کی 15 سالہ فین علیشا مشہور ہو گئی۔ بابر اعظم کو ایکشن میں دیکھنے کے لیے علیشا بھوپال سے حیدرآباد دکن پہنچی، علیشا نے اپنے فون کے بیک کور پر بابر اعظم کی تصویر بھی لگا رکھی ہے۔ اسکول گرل راجیو گاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں ان چند تماشائیوں میں سے ایک تھی جو ادھر ادھر بیٹھ کر پاکستان کو سپورٹ کر رہے تھے، بچی نے پاکستان نیدرلینڈز کا میچ اسٹیڈیم میں دیکھا اور اب وہ منگل کو ہونے والے پاک سری لنکا میچ کی منتظر ہے۔

پاکستان اپنا دوسرا میچ کل کو سری لنکا کے خلاف حیدرآباد میں کھیلے گا

حیدرآباد (این این آئی) آئی سی سی کرکٹ ورلڈکپ میں پاکستان اپنا دوسرا میچ (کل) 10 اکتوبر منگل کو سری لنکا کے خلاف حیدرآباد میں کھیلے گا، گرین شرٹس نے اپنے پہلے میچ میں نیدرلینڈز کے خلاف 81 رنز سے کامیابی حاصل کی تھی، پاکستانی ٹیم بابر اعظم کی قیادت میں میدان میں اترے گی جبکہ سری لنکا کو ڈاسن شناکا لیڈ کریں گے، قومی ٹیم اپنا تیسرا میچ 14 اکتوبر کو روایتی حریف بھارت، چوتھا میچ 20 اکتوبر کو آسٹریلیا، پانچواں میچ 23 اکتوبر کو افغانستان، چھٹا میچ 27 اکتوبر کو جنوبی افریقہ، ساتواں میچ 31 اکتوبر کو بنگلہ دیش، آٹھواں میچ 4 نومبر کو نیوزی لینڈ جبکہ نواں اور آخری میچ 11 نومبر کو انگلینڈ کے خلاف کھیلے گی۔

ایڈن مارکرم نے ورلڈکپ کی تیز ترین سنچری بنا ڈالی

آئرش بیٹر کیون اوبرائن کا تیز ترین سنچری کا ریکارڈ توڑ کر یہ سنگ میل عبور کیا

نئی دہلی (این این آئی) جنوبی افریقن بیٹر ایڈن مارکرم نے آئی سی سی ون ڈے ورلڈکپ کرکٹ ٹورنامنٹس کی تاریخ میں تیز ترین سنچری کا اعزاز اپنے نام کرلیا، مارکرم نے گزشتہ روز سری لنکا کے خلاف کھیلے گئے میچ میں جارحانہ بیٹنگ کرتے ہوئے 49 گیندوں پر سنچری بنا کر آئرش بیٹر کیون اوبرائن کا تیز ترین سنچری کا ریکارڈ توڑ کر یہ سنگ میل عبور کیا، اوبرائن نے 2011 ورلڈکپ میں انگلینڈ کے خلاف 50 گیندوں پر سنچری بنا کر تاریخ رقم کی تھی۔

شاہد حامد میموریل ٹینس ٹورنامنٹ اختتام پذیر ہوگیا

اسلام آباد (این این آئی) شاہد حامد میموریل ٹینس ٹورنامنٹ اسلام آباد ٹینس کمپلیکس میں اختتام پذیر ہوگیا ہے۔ اسلام آباد ٹینس ایسوسی ایشن کے نائب صدر حسن بیگ نے چیئرمین آرگنائزنگ کمیٹی، فضل سبحان اور ٹورنامنٹ ڈائریکٹر کامران خلیل کے ہمراہ کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے۔ ٹورنامنٹ میں مینز سنگلز کے ایونٹ میں جبران الحق نے کامیابی جبکہ یاور علی نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔

کین ولیمسن ورلڈکپ کے دوسرے میچ سے بھی باہر

کین ولیمسن انجری سے صحتیاب ہورہے ہیں، فیلڈنگ میں اب بھی مشکل کا سامنا ہے

نئی دہلی (این این آئی) نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کے کپتان کین ولیمسن انجری کی وجہ سے ورلڈکپ کے دوسرے میچ سے بھی باہر ہوگئے۔ نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ گیری اسٹیڈ کے مطابق کین ولیمسن انجری سے صحتیاب ہو رہے ہیں، انہیں فیلڈنگ میں اب بھی مشکل کا سامنا ہے، وہ تیسرے میچ کے لیے دستیاب ہوں گے۔ گیری اسٹیڈ کے مطابق فاسٹ بولر لوکی فرگوسن نے ٹریننگ کا آغاز کر دیا ہے اور وہ دوسرے میچ کے لیے دستیاب ہوں گے جبکہ ٹم ساؤتھی نے بھی ٹریننگ سیشن میں حصہ لے کر بولنگ اور فیلڈنگ کی۔ گیری اسٹیڈ نے بتایا کہ میچ سے پہلے ٹم ساؤتھی کا فائنل ایکسرے کیا جائے گا اور رپورٹ کے بعد ان کی میچ میں شمولیت کا فیصلہ ہوگا۔ نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ نے کہا کہ ہم حیدرآباد میں نیدرلینڈز کے خلاف میچ کی تیاری کر رہے ہیں۔

جنوبی افریقا اور سری لنکا کے میچ میں ورلڈکپ کے کئی ریکارڈز بنے

مجموعی اسکور 754 رنز رہا، جنوبی افریقہ نے 428، سری لنکا نے میچ میں 326 رنز بنائے

جنوبی افریقا اور سری لنکا کے میچ میں ورلڈ کپ کے کئی ریکارڈز بن گئے، میچ میں دونوں ٹیموں کا مجموعی اسکور 754 رنز رہا۔ آئی سی سی کرکٹ ورلڈکپ 2023 کے چوتھے میچ میں جنوبی افریقہ نے 428، سری لنکا نے میچ میں 326 رنز بنائے، یہ کسی بھی ورلڈکپ میچ کا سب سے بڑا میچ ایگریگیٹ ہے۔ اس سے قبل 2019 میں آسٹریلیا اور بنگلادیش کے میچ میں 714 رنز بنے تھے۔ پہلی بار کسی ورلڈکپ میچ میں چوکوں اور چھکوں کی سنچری مکمل ہوئی، دونوں ٹیموں نے مجموعی طور پر 31 چھکے اور 74 چوکے لگائے، میچ میں مجموعی طور پر 482 رنز چوکوں اور چھکوں کی مدد سے بنائے گئے۔ یہ کسی بھی ورلڈکپ میچ میں باؤنڈریز سے اسکور ہونے والے سب سے زیادہ رنز ہیں۔ یاد رہے کہ اس میچ میں جنوبی افریقا نے سری لنکا کو 102 رنز سے شکست دی۔ 429 رنز کے مشکل ہدف کے تعاقب میں سری لنکا کی ٹیم 44 اعشاریہ 5 اوورز میں 326 رنز پر آوٹ ہوگئی۔

سینٹرل کنٹریکٹ میں شامل قومی کرکٹرز چار کیٹیگریز میں تقسیم

تین کرکٹرز کو تقریبا 60 لاکھ روپے اور بی کیٹیگری کے کرکٹرز کو 41 لاکھ روپے ماہانہ ملیں گے

اسلام آباد (این این آئی) سینٹرل کنٹریکٹس کے چار کیٹیگریز میں شامل پلیئرز کو ماہانہ ملنے والے رقم کی تمام تفصیلات سامنے آگئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق سینٹرل کنٹریکٹ میں شامل قومی کرکٹرز کو چار (اے، بی، سی اور ڈی) کیٹیگریز میں تقسیم کیا گیا ہے اور سینٹرل کنٹریکٹ میں شامل تمام پلیئرز کو اپنی اپنی کیٹیگری کے تحت پیسے ملیں گے۔ سینٹرل کنٹریکٹ کے تحت اے کیٹیگری میں شامل تین کرکٹرز کو تقریبا 60 لاکھ روپے اور بی کیٹیگری کے کرکٹرز کو 41 لاکھ روپے ماہانہ ملیں گے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے سینٹرل کنٹریکٹ کی سی کیٹیگری میں شامل کھلاڑیوں کو 17 لاکھ 50 ہزار روپے جبکہ ڈی کیٹیگری میں شامل پلیئرز کو 11 لاکھ 30 ہزار روپے ماہانہ ملا کریں گے۔ پی سی بی کی جانب سے کپتان بابر اعظم، محمد رضوان اور شاہین شاہ آفریدی کو اے کیٹیگری میں شامل کیا گیا ہے جبکہ سینٹرل کنٹریکٹ کی بی کیٹیگری میں فخر زمان، حارث رف، امام الحق، محمد نواز، نسیم شاہ اور شاداب خان کے نام شامل ہیں۔ سینٹرل کنٹریکٹ کی سی کیٹیگری میں عماد وسیم اور عبداللہ شفیق کے نام شامل ہیں جبکہ ڈی کیٹیگری میں فہیم اشرف، حسن علی، افتخار احمد، احسان اللہ اور محمد حارث کو شامل کیا گیا ہے۔ محمد وسیم جونیئر، صائم ایوب، سلمان علی آغا، سرفراز احمد، سعود شکیل بھی ڈی کیٹیگری کا حصہ ہوں گے جبکہ شاہنواز دھانی، شان مسعود، اسامہ میر اور زمان خان کے نام بھی ڈی کیٹیگری میں شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق کھلاڑیوں کی ماہانہ آمدنی میں پی سی بی کو آئی سی سی سے ملنے والے ریونیو کا 3 فیصد حصہ بھی شامل ہوگا۔

ورلڈکپ کے سری لنکا کے خلاف میچ سے قبل پاکستانی ٹیم کے وکٹ کیپر محمد رضوان پریکٹس سیشن میں حصہ لے رہا ہے

پاکستانی صحافیوں کو ویزے جاری کرنے کا معاملہ

معاملے کو فوری طور پر حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے، آئی سی سی

دبئی (این این آئی) بھارت میں شیڈول ورلڈکپ کے دوران پاکستان صحافیوں اور کرکٹ فینز کو ویزہ جاری نہ کرنے پر انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے کہا ہے کہ معاملے کو فوری طور پر حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے۔ تفصیلات کیمطابق ورلڈکپ میں شائقین کرکٹ کی عدم دلچسپی کو دیکھتے ہوئے آئی سی سی ترجمان نے صورتحال کی سنگینی کو تسلیم کیا اور یقین دلایا کہ معاملے کو فوری طور پر حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے۔ آئی سی سی کی جانب سے پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کو یقین دہانی کروائی ہے کہ معاملے کو جلد از جلد حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں

SHOWBIZ شوبز

گائیکی کے اصل رموز کو سمجھے بغیر کامیابی حاصل نہیں ہوتی

موسیقی پارٹ ٹائم جاب نہیں، پوری توجہ اور لگن سے وقت دینا پڑتا ہے، سائرہ نسیم

لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ سائرہ نسیم نے کہا ہے کہ گائیکی کے اصل رموز کو سمجھے بغیر کامیابی حاصل نہیں ہوتی، ریاضت ایک سنجیدہ مشق ہے اور گائیکی کے فن سے وابستہ حقیقی گلوکار اس سے بخوبی آگاہ ہے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمیشہ معیاری شاعری پر مبنی گیت پیش کئے ہیں اور مجھے فخر ہے کہ کئی سال قبل پیش کئے گئے میرے گیت آج بھی لوگوں کی زبان پر ہیں۔ سائرہ نسیم نے کہا کہ موسیقی کوئی پارٹ ٹائم جاب نہیں بلکہ اسے پوری توجہ اور لگن سے وقت دینا پڑتا ہے تبھی کامیابی کا حصول ممکن ہوتا ہے۔

حرام تعلق سے بچنے کیلئے شادی کی، اداکارہ حرا خان

اگر آپ سوچ رہے ہیں کہ نکاح کرنے جارہے ہیں تو آپ کا رزق رک جائے تو یہ ہو ہی نہیں سکتا

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ حرا خان کا کہنا ہے کہ حرام تعلق سے بچنے کیلئے شادی کی۔ اداکارہ حرا خان حال ہی میں شوہر و اداکار ارسلان خان کے ہمراہ نجی ٹی وی کے شو میں شریک ہوئیں جس دوران اداکارہ نے شادی جیسے مقدس رشتے پر بندھنے سے متعلق پائے جانے والے خدشات پر بات کی۔ حرا خان نے کہا کہ اگر آپ سوچ رہے ہیں کہ نکاح کرنے جارہے ہیں تو آپ کا رزق رک جائے تو یہ ہو ہی نہیں سکتا، ایسا ہو ہی نہیں سکتا کہ آپ کی زندگی میں کام کے حوالے سے رکاوٹ آجائے۔ اداکارہ نے کہا کہ ہمیں شادی سے پہلے کہا گیا کہ آپ کو شادی کے بعد برانڈ نہیں لیں گے۔

استاد نصرت فتح علی خان کا 75 واں یوم پیدائش 13 اکتوبر کو منایا جائیگا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان کے عظیم گلوکار استاد نصرت فتح علی خان کا 75 واں یوم پیدائش 13 اکتوبر کو منایا جائے گا اس سلسلے میں ان کے مداحوں کی جانب سے خصوصی تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا سالگرہ کے کیک کاٹے جائیں گے اور ان کی بلندی درجات کیلئے دعائیں مانگی جائیں گی جبکہ مختلف ٹی وی چینلز سے خصوصی پروگرام نشر کیے جائیں گے جن میں مرحوم کی فنی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا جائے گا۔ استاد نصرت فتح علی خان 13 اکتوبر 1948ء کو فیصل آباد میں پیدا ہوئے آپ کے والد استاد فتح علی خان اور چچا استاد مبارک علی خان اپنے دور کے مشہور قوال تھے۔ نصرت فتح علی خان نے بھی بطور قوال دم مست قلندر مست مست سے ملک گیر شہرت حاصل کی۔

سنجے دت نے جیل میں پانچ برس کیسے گزارے؟

میں نے فلمی مسودوں کا گہرائی میں جاکر مطالعہ کیا، سنجے دت

ممبئی (پینا نیوز) بالی وڈ کے نامور اداکار سنجے دت نے ایک تازہ گفتگو میں اپنی جیل کی زندگی سے متعلق خاموشی توڑ دی ہے۔ اداکار کو 1993 میں ممبئی بم دھماکوں کے کیس میں غیر قانونی اسلحہ رکھنے کے جرم میں پانچ برس قید کی سزا سنائی گئی تھی۔ انڈین پروگرام اسٹار ورسز فوڈ سروائیول میں گفتگو کرتے ہوئے اداکار نے بتایا کہ جیل کے اندر انہوں نے اپنی شخصیت کو بہتر بنانے پر بہت زیادہ توجہ دی تھی۔ سنجے دت نے بتایا کہ جیل میں وقت کا بہترین استعمال کرتے ہوئے انہوں نے فلمی مسودوں کا گہرائی میں جا کر مطالعہ کیا۔

عروہ حسین اور فرحان سعید نے مداحوں کو خوشخبری سنا دی

شوبز کی معروف جوڑی کے ہاں شادی کے 7 سال بعد پہلے بچے کی پیدائش متوقع ہے

کراچی (این این آئی) اداکار و گلوکار فرحان سعید اور اداکارہ عروہ حسین کے ہاں جلد ننھے مہمان کی آمد متوقع ہے۔ فرحان سعید اور عروہ حسین نے سوشل میڈیا پر اپنی تصویر شیئر کرتے ہوئے مداحوں کو خوشخبری سنائی۔ فرحان سعید نے پوسٹ میں کہا کہ وہ اب 3 ہیں ماشااللہ۔ شوبز کی معروف جوڑی کے ہاں شادی کے 7 سال بعد پہلے بچے کی پیدائش متوقع ہے۔ فرحان سعید کی پوسٹ پر مداحوں اور ساتھی اداکاروں نے دونوں کو مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اداکارہ عروہ حسین کی بہن ماورا حسین نے سوشل میڈیا پر لکھا ماشا اللہ، الحمد اللہ۔ اداکارہ کنزہ ہاشمی، صبور علی، سارہ خان، یشما گل، زارا نور عباس، غنا علی، منال خان، نادیہ حسین اور دیگر نے فرحان اور عروہ کو مبارکباد دی۔

پڑھے لکھے لوگوں کے آنے سے فیشن انڈسٹری کو ترقی ملی، نادیہ حسین

فیشن انڈسٹری کو نئے ٹیلنٹ کی بڑی کھیپ میسر آئی ہے، انٹرویو میں گفتگو

لاہور (این این آئی) اداکارہ و ماڈل نادیہ حسین نے کہا ہے کہ پاکستان میں فیشن انڈسٹری کی ترقی کی وجہ سے پڑھے لکھے اور اچھے خاندانوں کے افراد کا اس طرف آنا ہے، فیشن انڈسٹری کو نئے ٹیلنٹ کی بڑی کھیپ میسر آئی ہے اور ان میں سے کچھ ایسے چہرے ہیں جو آنے والے وقت میں بڑا نام پیدا کریں گے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا کی وجہ سے بھی نئے ماڈلز کے لئے بے پناہ مواقع پیدا ہوئے ہیں اور انہیں ماضی کے مقابلے میں جلدی پذیرائی مل جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا جتنی مرضی ترقی کر لے لیکن معیار میں ہی پائیداری ہے اس لئے اس پر سمجھوتہ نہیں کرنا چاہیے۔

فضاء علی اپنا گیت "چاندنی" آج ریلیز کریں گی

گانا شادی کی تقریبات کی مناسبت سے تیار کیا گیا، بیک ٹو بیک گیت ریلیز کروں گی

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ، میزبان فضاء علی نے اپنی تمام تر توجہ گلوکاری پر مرکوز کر لی، شادی کی تقریبات کی مناسبت سے بھاری بجٹ سے بنایا گیا گیت "چاندنی" آج (پیر) کے روز سینما میں ریلیز کیا جائے گا۔ فضا علی نے بتایا کہ "چاندنی" شادی کی تقریبات کی مناسبت سے بنایا گیا جس کی ریکارڈنگ، شوٹنگ اور سیٹ کی تیاری پر بھاری اخراجات کئے گئے ہیں۔ اس گیت میں اداکارہ صاحبہ، ریمبو، نشو بیگم سمیت بہت ساری نامور ٹک ٹاکرز اور ماڈل بھی نظر آئیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ نئے تیار کئے گئے گیت کی پیر کے روز سینما میں سٹریمنگ کی جائے گی۔

بقیہ 1

گراؤنڈ جائزہ لینے کیلئے پی آئی سی کا دورہ کیا اور اگلے ہفتے کے آغاز میں ایمرجنسی کے گرانڈ فلور کی اپ گریڈیشن کے کام شروع کرنے کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے بیرون ملک سے سرجنز کی خدمات لینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ بورڈ کی منظوری کے بعد کنٹریکٹ پر بھی سرجنز کو ہائیر کیا جائے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے اپ گریڈیشن پراجیکٹ کو 3 ماہ میں مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ایمرجنسی بلاک کی اپ گریڈیشن پر تین شفٹ میں کام کیا جائے۔ سرائے کی تعمیر کو بھی جلد مکمل کیا جائے۔

بقیہ 2

ہے۔ انہوں نے کہا کہ وقت آ گیا ہے کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق آگے بڑھا جائے، اس وقت عالمی برادری عالمی امن کی جانب بڑا کردار ادا کرسکتی ہے۔

بقیہ 3

لانڈرنگ کو بے نقاب کردیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ڈائریکٹوریٹ پوسٹ کلیئرنس آڈٹ ایف بی آر کراچی نے بعداز کسٹمز کلیئرنس آڈٹ کے دوران سولر پینلز کی مزید 6 فرضی کمپنیوں کی نشاندہی کی ہے اور ان فرضی کمپنیوں کی جانب سے سولر پینل کی آڑ میں 13 ارب روپے کا کالا دھن بیرون ملک منتقل کیا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ان 6 فرضی کمپنیوں میں 3 کا تعلق کراچی اور دیگر 3 کا تعلق کوئٹہ سے ہے، 6 فرضی کمپنیوں میں میسرز ایس ایچ ٹریڈرز، میسرز سحر انٹرنیشنل، میسرز ڈیلٹا ٹریڈنگ، میسرز اسمارٹ امپیکس، میسرز احسان اللہ امپورٹ ایکسپورٹ اور اسد اللہ انٹر پرائزز شامل ہیں۔ بعد از کسٹمز کلیئرنس آڈٹ میں اس بات کی نشاندہی ہوئی ہے کہ مذکورہ 6 فرضی کمپنیوں نے درآمدہ سولر پینل کی کلیئرنس کے لیے محکمہ کسٹمز میں مجموعی طور پر 687 گڈز ڈیکلریشنز جمع کرائیں، جن میں سے 443 گڈز ڈیکلریشن میں درآمدہ سولر پینلز کی زائد قیمتیں ظاہر کرکے اوور انوائسنگ کی گئی اور 3 ارب کی منی لانڈرنگ کی گئی۔

بقیہ 4

تھی، جس کو حالیہ مہنگائی اور لیبر مارکیٹ کی صورتحال کے مطابق اپڈیٹ کرنے کی ضرورت ہے۔ عالمی بینک کی ترجمان نے کہا کہ بینک ٹیکسوں کے نفاذ کیلئے کسی قسم کی سفارش نہیں کر رہا، کسی بھی قسم کی تجویز دینے کیلئے نئے اعداد و شمار کا جائزہ لینا ضروری ہے، انہوں نے مزید کہا کہ عالمی بینک پاکستان کے ٹیکس سسٹم میں جامع اصلاحات کی سفارش کرتا ہے، ایسی اصلاحات کہ جن کے نتیجے میں ٹیکسوں کا بوجھ امیر افراد پر بڑھے اور غریب افراد کو ریلیف حاصل ہو۔ حکومتی اعداد و شمار کے مطابق تنخواہ دار طبقے نے گزشتہ تین ماہ کے دوران مالدار ایکسپورٹرز اور ریئل اسٹیٹ سیکٹر کے مجموعی ٹیکس سے بھی زیادہ ٹیکس ادا کیا ہے، جولائی تا ستمبر کے دوران تنخواہ دار طبقے نے 70.6 ارب روپے کا ٹیکس ادا کیا ہے، جبکہ ایکسپورٹرز اور ریئل اسٹیٹ سیکٹر نے مجموعی طور پر 65 ارب روپے کا ٹیکس ادا کیا ہے جبکہ تنخواہ دار طبقے اور ریئل اسٹیٹ سیکٹر اور ایکسپورٹرز کے درمیان دولت کا کوئی موازنہ نہیں ہے۔ تنخواہ دار طبقہ کنٹریکٹرز، بینک ڈپوزیٹرز اور امپورٹرز کے بعد سب سے زیادہ ٹیکس ادا کرنے والا چوتھا بڑا طبقہ ہے، جس کی اکثریت کا معیار زندگی انتہائی پست ہے، اور تنخواہ دار طبقے کی اکثریت اپنی آمد و رفت کیلئے پبلک ٹرانسپورٹ اور موٹرسائیکل کا سہارا لیتی ہے۔ ایکسپورٹرز جنھوں نے رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران 7 ارب ڈالر کمائے ہیں، نے ٹیکس کی مد میں صرف 21 ارب روپے جمع کرائے ہیں، ایکسپورٹرز اپنی مجموعی رسیدوں کا صرف 1 فیصد ٹیکس ادا کرتے ہیں، جو اس سال 4 فیصد سے کم ہو کر 3.6 فیصد رہ گئی ہے، ریئل اسٹیٹ سیکٹر نے پلاٹوں کی خرید و فروخت پر 44 ارب روپے کا ٹیکس ادا کیا ہے۔ ایف بی آر نے بینکوں سے رقوم نکالنے پر ٹیکس کی مد میں 7.6 ارب روپے جمع کیے ہیں، سب سے زیادہ ٹیکس کی وصولی کنٹریکٹرز، سیونگ اکاؤنٹس ہولڈرز، امپورٹرز، تنخواہ دار طبقے، نان فائلرز کے الیکٹریسٹی بلز، ٹیلیفون اور موبائل فون یوزرز اور ڈیویڈنڈ انکم کی مد میں کی گئی ہے۔ بجلی بلوں کی مد میں انکم ٹیکس کی وصولی میں 75 فیصد اضافہ ہوا ہے اور گزشتہ سہ ماہی کے دوران بجلی بلوں کی مد میں 2.5 ارب روپے کا انکم ٹیکس جمع کیا گیا ہے۔

بقیہ 5

جبکہ 171 ڈیڈ ڈیفالٹرز سے 36 لاکھ 54 ہزار کی ریکوری کی گئی اور 429 بجلی نادہندگان سے 69 لاکھ 74 ہزار سے زائد کے واجبات وصول کئے گئے اور ستمبر سے جاری مہم کے دوران 22624 نادہندگان سے 35 کروڑ سے زائد کی ریکوری کی گئی لہٰذا قومی اور اخلاقی ذمہ داری ادا کرتے ہوئے بجلی کا بل بروقت ادا کریں۔

بقیہ 6

ایئر آفیسر کمانڈنگ سینٹرل ایئر کمانڈ نے مشق کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے فضائی جنگ کے نئے ابھرتے ہوئے محرکات کے تناظر میں مشترکہ مقاصد کے حصول کے لیے بین الاقوامی فضائی مشقوں کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے اس وسیع مشق کے انعقاد پر ایئر پاور سینٹر آف ایکسیلنس کی کاوشوں کو بھی سراہا، جس کی بدولت مشق میں حصہ لینے والی فضائی افواج اور اتحادیوں کے مابین موجودہ تعاون اور شراکت داری کو فروغ حاصل ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ مشق انڈس شیلڈ 2023- کی منصوبہ بندی اور اس کا انعقاد، سربراہ پاک فضائیہ، کے وژن کے عین مطابق ہے جس سے پاک فضائیہ کے لیئے ٹیکنالوجی کے فروغ، اس کی صلاحیتوں کو جدت سے ہمکنار کرنے اور عصر حاضر کی جنگی حکمت عملیوں کو بروئے کار لاتے ہوئے فضائی دفاع کے مشترکہ چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹا جاسکے گا۔ ایئر وائس مارشل طارق محمود غازی نے اس امر پر بھی روشنی ڈالی کہ یہ مشق خطے کی اہم فضائی قوتوں کے مابین، تعاون اور برادرانہ تعلقات کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ مشق انڈس شیلڈ 2023 میں ترکیہ، سعودی عرب، قطر، متحدہ عرب امارات، مصر، عمان، بحرین، آذربائیجان، انڈونیشیا، مراکش، ازبکستان، چین اور ہنگری سمیت 14 فضائی افواج شرکت کر رہی ہیں۔ یہ مشق شریک فضائی افواج کو نہ صرف اپنی بے مثال مہارت اور آپریشنل صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا ایک منفرد موقع فراہم کرے گی بلکہ اس مشق کے ذریعے شرکاء کے مابین باہمی افہام و تفہیم میں بہتری اور تعاون کا فروغ بھی ممکن ہوگا۔ یہ بین الاقوامی فضائی مشق عملی اور پیشہ ورانہ مہارت کی علامت ہے جو خطے میں پاک فضائیہ کی صلاحیتوں کا لوہا منوانے میں کارگر ثابت ہوگی۔ علاوہ ازیں، اس مشق میں شامل حقیقت پر مبنی فضائی جنگ کے منظرنامے اور مختلف عسکری مشنز کی عکاسی، فضائی اور زمینی عملے کو فضائی جنگ کے دوران اساسوں کی تعیناتی سے متعلق مختلف حکمت عملیوں کو پرکھنے کا ایک بہترین تجربہ فراہم کرے گی۔

بقیہ 7

جانی نقصان اور املاک کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے اتوار کو جاری اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ ہم متاثرین کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں جنہوں نے اپنے پیاروں کو کھو دیا اور زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعاگو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اس مشکل وقت میں افغانستان میں اپنے بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کے ساتھ کھڑا ہے۔ ہم افغان حکام کے ساتھ رابطے میں ہیں تاکہ زلزلے سے متاثر ہونے والوں کی فوری ضروریات کا پہلے ہاتھ سے اندازہ لگایا جاسکے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان بحالی کی کوششوں میں ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا۔

بقیہ 8

اقدامات کا اعلان کریں، پاکستانی قوم اور تحریک لبیک پاکستان کا ہر کارکن فلسطینی عوام کے شانہ بشانہ کھڑا ہے، ہم کبھی بھی ناجائز اسرائیلی صیہونی ریاست کو قبول نہیں کرینگے، اسرائیل کے فلسطینی عوام پر بڑھتے ہوئے ظلم کسی صورت برداشت نہیں کرینگے، جولوگ اسرائیل کے ساتھ تعلقات استوار کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے واضح پیغام ہے کہ اگر صیہونیوں کے لئے اتنی ہی محبت ہے تو جاکر اسرائیل میں بس جائیں، اسلامی جمہوریہ پاکستان کلمہ طیبہ کے نام پر بنا ہے اور اس پر تا قیامت قائم رہے گا، انہوں نے کہا کہ مقدس سرزمین فلسطین پر قابض اسرائیل پر کامیاب حملہ ثابت کرتا ہے کہ فلسطینی عوام کبھی بھی ناجائز اسرائیلی صیہونی ریاست کو قبول نہیں کرے گی۔ یہ وقت فلسطینی عوام کا ساتھ دینے کا ہے نہ کہ مذمت کرنے کا، کافر تو کافروں کی حمایت میں واضح پیغام دے رہے ہیں سمجھ سے بالاتر ہے کہ مسلم ممالک اپنے مسلمان بھائیوں اور بیت المقدس کی آزادی کے لئے واضح موقف دینے سے کیوں کتراتے ہیں، تمام مسلم ممالک اعلان جہاد کریں یہی غیرت دینی کا تقاضا ہے

بقیہ 9

میدان میں مستحکم کرنے کے لیے سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ترقی کا سفر وہیں سے شروع ہوگا جہاں سے ختم کیا گیا تھا، پاکستان کو معاشی بدحالی، مہنگائی و بے روزگاری سے نکالیں گے، پاکستان کے عوام ملک کی ترقی و خوشحالی میں رکاوٹ بننے والوں کو کبھی معاف نہیں کریں گے، عوام ووٹ کی طاقت سے احتساب کریں گے۔ سابق وزیراعظم نواز شریف کا برطانیہ و یورپ کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ اوورسیز پاکستانی ملک میں سرمایہ کاری سے صنعت و انڈسٹریز کو پھر سے چلانے میں اپنا اہم کردار ادا کریں۔

بقیہ 10

کی ہے جو کہ ذیشان منیر نامی شخص کی ملکیت ہے عوام کو آن لائن اشتہارات کو دیکھنے کے مختلف پیکجز کے نام پر آمدنی اور منافع کا لالچ دے کر لوٹ رہی ہے۔ ایس ای سی پی نے میلویلیک اور اس میں ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کردیا ہے تاہم عوام الناس کو خبردار کیا جاتا ہے کہ اس کمپنی کے پاس سرمایہ کاری کی اسکیمیں آفر کرنے کا کوئی لائسنس نہیں ہے۔ ایس ای سی پی کو ایسی شکایات موصول ہوئیں ہیں کہ اس کمپنی اور اس کے مالک ذیشان منیر نے آن لائن اشتہارات کو دیکھنے (کلک کرنے) کے مختلف پیکجز فروخت کرتا ہے جبکہ اس سے صارف کو کسی قسم کی آمدنی یا منافع نہیں ہوتا نہ ہی اس کمپنی کی جانب سے کسی قسم کی ادائیگی ہوتی ہے۔ صارفین کی جانب سے شکایات کی صورت میں انہیں کمپنی کے لئے مزید ممبرز بنانے کا کہا جاتا ہے اور ٹارگٹ حاصل کرنے کے لیے مزید پیکجز خریدنے کا کہا جاتا ہے۔ مذکورہ شخص، ذیشان منیر کے خلاف جعلی اسکیمیں چلانے پر کارروائی کرتے ہوئے ایس ای سی پی نے کمپنی کو بند کرنے، جرمانے عائد کرنے، آئندہ کسی کمپنی میں ڈائریکٹر بننے پر پابندی عائد کرنے کی کارروائی شروع کردی ہے۔

بقیہ 11

کا کام مکمل کرنے کے لیے 52 ارب روپے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنگلات کاٹنا ماحولیاتی تبدیلی سے پیدا آفات کو دعوت دینے کے برابر ہے۔ واضح رہے کہ 8 اکتوبر 2005 کی صبح پاکستان میں آئے 7.6 شدت کے زلزلے کو 18 برس گزر گئے۔ 8 اکتوبر کے زلزلے سے آزاد کشمیر اور خیبر پختونخوا کے بعض علاقے بری طرح متاثر ہوئے تھے۔ اس زلزلے سے 30 لاکھ افراد بے گھر ہوئے تھے، زلزلے کے ابتدائی تخمینے 88 ہزار اموات کی صورت میں سامنے آئے تھے۔

بقیہ 12

بڑے حملے کرکے اسرائیل سمیت پوری دنیا کو حیران کردیا ہے۔ حماس کے اسرائیل پر اچانک بڑے حملے کے نتیجے میں اب تک ہلاک اسرائیلیوں کی تعداد 300 ہوگئی ہے اور 1600 زخمی ہیں جبکہ اسرائیلی فورسز سے جھڑپیں تاحال جاری ہیں۔ ایسے میں ہمیشہ مسلمانوں کے حق میں بولنے والی بھارتی اداکارہ گوہر خان نے ایک بار پھر فلسطینیوں کی حمایت میں سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (ٹوئٹر) پر پیغام جاری کیا ہے۔ گوہر خان نے اپنے پیغام میں ان لوگوں سے سوال کیا جو حماس کے اسرائیل پر حملے کے بعد اسرائیل کو مظلوم دکھا رہے ہیں۔ بھارتی اداکارہ نے سوال کیا کہ ظالم کب سے مظلوم ہوگیا؟ انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی سالوں سے فلسطین پر جاری ظلم و ستم پر اندھی بننے والی دنیا کی بینائی اب واپس آگئی ہے۔ واضح رہے کہ غیرملکی میڈیا کے مطابق کل سے اب تک غزہ سے اسرائیل پر 7 ہزار سے زائد راکٹ فائر کیے گئے ہیں، حماس کے مجاہدین نے اسرائیل پر بری، بحری اور فضائی تینوں طرف سے حملہ کیا جو تاریخ کا سب سے بڑا حملہ ہے۔ حماس نے 57 صیہونی فوجیوں کو قیدی بھی بنالیا جبکہ متعدد اسرائیلی فوجی گاڑیوں کو بھی قبضے میں لے لیا اور کئی ٹینکس بھی تباہ کردیے ہیں۔

بقیہ 13

کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں۔ بیان میں کہا کہ او آئی سی اسرائیل کی فوجی جارحیت کی مذمت کرتا ہے، جس کے نتیجے میں سینکڑوں فلسطینی شہید اور زخمی ہوئے ہیں۔ اسرائیلی جارحیت کا جاری رہنا بین الاقوامی قانونی قراردادوں کی خلاف ورزی ہے۔ اسلامی تعاون تنظیم نے خطے میں کشیدگی کی ذمہ داری اسرائیلی قبضے کو ٹھہرا دیا۔ او آئی سی نے عالمی برادری بالخصوص اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل سے مطالبہ کیا کہ وہ اسرائیلی جارحیت کو روکنے اور عوام کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 14

ئی۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے غیر قانونی استعمال پر 10 اور 03 گیس کنکشن کمپریسر کے استعمال پر منقطع کرنے کے علاوہ 15 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے اور 0.086 ملین کی رقم بھی بک کی گئی۔ شیخوپورہ میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 05 کنکشن منقطع کیے گئے اور 3.445 ملین کی رقم بھی بک کی گئی۔ سوئی ناردرن گیس نے پشاور اور کرک میں میٹر سے چھیڑ چھاڑ، گیس کے براہ راست استعمال، غیر قانونی 17 کنکشن منقطع گیس چوری کے خلاف 02 FIRs بھی درج کی گئی۔ سیالکوٹ میں کمپریسر کے استعمال پر 01 اور گیس کے غیر قانونی استعمال پر 02 کنکشن منقطع کیے گیے اور 105 انڈر بلنگ کیسز اندراج/ پروسیس کیا۔ گوجرانوالہ میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی استعمال پر 03 میٹر منقطع کیے گئے اور 0.468 ملین کی رقم بک کی گئی۔ گیس کے غیر قانونی استعمال پر گجرات میں کارروائیوں کے دوران 02 کنکشن منقطع کیے گئے۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور راولپنڈی میں 17 کنکشن منقطع کیے گئے جبکہ 02 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/ اندراج کیے گئے۔ ساہیوال میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 11 کنکشن منقطع کئے گئے اور 67 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/ اندراج، کیے گئے۔ فیصل آباد میں ریجنل ٹیم نے کریک ڈاؤن کے دوران میٹر سے چھیڑ چھاڑ پر 04 جبکہ 37 انڈر بلنگ کیسز پروسیس ہوئے۔

بقیہ 15

افراد کو جبری ملک بدر کیا جائے گا، الیکشن کی تاریخ دینا نگراں حکومت کا کام نہیں، الیکشن کمیشن انتخابات کی جس تاریخ کا اعلان کرے گا، اس پر انتخابات ہوں گے، نیشنل براڈ کاسٹرز کو دنیا بھر میں ریاست سپورٹ کرتی ہے، پبلک براڈ کاسٹرز لازمی قومی خدمت کے ادارے ہیں۔ نجی ٹی وی چینل سے گفتگو کرتے ہوئے نگران وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ الیکشن کی تاریخ دینا نگران حکومت کا کام نہیں، الیکشن کمیشن آف پاکستان آئینی ادارہ ہے جو انتخابات کرانے کا ذمہ دار ہے، حلف اٹھانے کے بعد مسلسل الیکشن کمیشن سے رابطہ ہے، الیکشن کمیشن آف پاکستان کی صلاحیت اور قیادت پر مکمل اعتماد ہے، الیکشن کمیشن انتخابات کی جس تاریخ کا اعلان کرے گا، اسی پر انتخابات ہوں گے۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی ملک کی بڑی سیاسی جماعت ہے، ہم الیکشن کے مرحلے سے گذر رہے ہیں، عملاً الیکشن کا ماحول موجود ہے، الیکشن کے ماحول میں کسی بھی جماعت اور اس کی قیادت کو کسی اہم مسئلے پر اپنا موقف دینے کی آزادی حاصل ہے۔

بقیہ 16

اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کے الیکشن کے انعقاد کے حوالے سے تحفظات پر کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن سے سوال ہے کہ ملک کون سنبھالے گا؟ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن صاحب کے پاس ملک کو چلانے کا کون سا فارمولا ہے؟ ہمارے پاس تو آئین کے مطابق الیکشن کا ہی فارمولا ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن وقت پر ہونے چاہیں، اگر جنوری میں انتخابات نہ ہوئے تو پیپلز پارٹی سڑکوں پر نکلے گی، دھرنا دے گی، دھرنا ڈی چوک پر ہوگا یا کہیں اور اس کا فیصلہ بعد میں پارٹی کرے گی۔

بقیہ 17

ہوا بازی نے کہا کہ ہم نے اپنے کام کا آغاز کردیا ہے اور عن قریب حجاج کی خدمت میں اچھی خبریں پیش کی جائیں گی۔ اس موقع پر سیکرٹری ہوا بازی سیف انجم، پی آئی اے کے چیئرمین اور ایم ڈی، وزارت مذہبی امور کے ایڈیشنل سیکرٹری سید عطاء الرحمٰن اور حج ونگ کے دیگر افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ 18

ڈی پی او کے مطابق ملزم ڈکیتی، اغواء برائے تاوان، کار لفٹنگ اور راہزنی کے مقدمات میں مطلوب تھا۔ پولیس مقابلے سے متعلق ڈی پی او نے بتایا کہ ملزم نے ناکہ بندی توڑتے ہوئے گاڑی کی رفتار تیز کر دی تھی جبکہ دوسری گاڑی میں سوار ملزم کے ساتھیوں نے پولیس پر فائرنگ کی۔ ڈی پی او کے مطابق گاڑی میں ملزم کے ساتھ اس کی بیوی اور 2 بیٹے بھی موجود تھے، پولیس کی جوابی فائرنگ سے ملزم کی گاڑی بجلی کے کھمبے سے ٹکرائی جس کے بعد اس میں آگ لگ گئی۔ پولیس کے مطابق گاڑی میں آگ لگنے سے ملزم اپنی بیوی سمیت جھلس کر ہلاک ہوا جبکہ دوسری گاڑی میں سوار ملزم کے ساتھی فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ملزم کے دونوں بیٹوں کو زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔

بقیہ 19

ہے جو غیر متوقع بحرانوں سے نمٹنے کیلئے ہمارے اجتماعی ردعمل میں تبدیلی کی عکاسی کر رہا ہے، نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) اور صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز (پی ڈی ای ایمز) کی صورت میں آفات سے نمٹنے کے لیے ایک مضبوط اور متحرک ادارہ جاتی ڈھانچہ موجود ہے، ضلعی سطح پر آفات سے نمٹنے کے انتظام و انصرام کے نظام کو مضبوط کرنے کی ضرورت ہے، پاکستان میں آفات اور موسمیاتی تبدیلیوں کے سنگین خطرات کے تناظر میں حکومت آفات سے نمٹنے کے انتظام و انصرام کی صلاحیتوں میں اضافہ، اس حوالہ سے مطلوبہ قانون سازی، خطرات سے نمٹنے کی صلاحیت پر مبنی گورننس کو فروغ دینے، موسمیاتی لحاظ سے موزوں بنیادی ڈھانچہ کی تعمیر اور سب سے بڑھ کر موافقت میں اضافہ کیلئے پرعزم ہے۔ نگران وزیراعظم نے یہ بات 8 اکتوبر کو نیشنل ریزیلینس ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں کہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ 8 اکتوبر کو نیشنل ریزیلینس ڈے پاکستان اور آزاد جموں و کشمیر کے عوام کے اس ناقابل تسخیر جذبے کو خراج تحسین پیش کرنے کے طور پر منایا جاتا ہے جنہوں نے ہولناک اور تکلیف دہ آفت کا پامردی سے مقابلہ کیا۔ یہ دن ہمیں یہ بھی یاد دلاتا ہے کہ ہم ایک ایسے علاقے میں رہتے ہیں جہاں آفات کے خطرات موجود ہیں۔ آفات کے خطرات کے اشاریہ (کلائمیٹ رسک انڈیکس) کے مطابق پاکستان ماحولیاتی اور قدرتی آفات سے سب سے زیادہ خطرے سے دوچار ممالک میں شامل ہے۔ ہم نے زلزلوں، سیلابوں، گلیشیئر کے پھٹنے کے واقعات، شدید گرمی کی لہروں اور جنگل کی آگ کی شکل میں قدرتی آفات کا ایک سلسلہ دیکھا ہے جس میں قیمتی جانوں کے ساتھ ساتھ بنیادی ڈھانچہ کو اربوں ڈالر کا نقصان ہوا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ دن منانے کا مقصد موسمیاتی تبدیلیوں سے آنیوالی آفات کے تباہ کن اثرات خاص طور پر آفات سے بحالی پر توجہ مرکوز کرنا ہے گزشتہ سال پاکستان نے ایک بار پھر غیر معمولی سیلاب کی صورت میں موسمیاتی آفت کا سامنا کیا

بقیہ 20

تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر خلیل جارج نے گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن کو اقلیتوں کے حوالے سے کام کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن نے کہا کہ یونیورسٹیوں میں ای روزگار سینٹرز کو فعال کرنے سے مثبت نتائج آ رہے ہیں۔ انہوں نے ای روزگار سینٹرز کو بہتر بنانے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ نوجوان ملک کا اثاثہ ہیں انہیں جدید تقاضوں کے مطابق آئی ٹی کی تعلیم دینا بہت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کی جدید دنیا میں آئی ٹی میں مہارت بہت ضروری ہے۔ طلبا آئی ٹی کے کورسز کرکے آن لائن کمانے کے بے شمار مواقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نگران وفاقی حکومت آئی ٹی کے شعبے میں اچھا کام کر رہی ہے، امید ہے عمر سیف سابقہ تجربے سے آئی ٹی کے شعبے میں بہتری لے کر آئیں گے۔ نگران وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق خلیل جارج سے ملاقات کے دوران گورنر پنجاب نے کہا کہ ملک میں آئین پاکستان اور بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کے وژن کے مطابق اقلیتوں کو مکمل تحفظ حاصل ہے۔ بالخصوص سانحہ جڑانوالہ کے بعد حکومت مظلوموں کے ساتھ کھڑی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی اور پنجاب حکومت نے مظلومین کی بھرپور مدد کی اور گرجا گھروں کی بروقت بحالی کر کے عمدہ مثال قائم کی ہے۔ اس موقع پر نگران وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ٹیلی کمیونیکیشن ڈاکٹر عمر سیف نے کہا کہ آئی ٹی کے شعبے میں اپنے تجربے کی مدد سے بہتری کی بھرپور کوشش کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ وہ دنیا میں پاکستان کی آئی ٹی ایکسپورٹس بڑھانے کے لیے بھی پرعزم ہیں۔ وزیر برائے انسانی حقوق خلیل جارج نے کہا کہ پاکستان میں اقلیتوں کو مساوی حقوق اور مکمل آزادی حاصل ہے۔

بقیہ 21

پالیسیوں سے کسان زندہ در گور ہو رہا ہے، اربوں ڈالر لوٹنے والوں کو پکڑنے کے بجائے غریب کسانوں کا گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی، گیس اور کھادوں کی قیمتوں میں اضافے نے جینا مشکل کردیا ہے، عام آدمی اور کسان بجلی کے بل ادا نہیں کر سکتا۔

بقیہ 22

نقصان پہنچا یا تباہ ہو گئے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ زلزلے سے مٹی کے تودے گرنے اور منہدم عمارتوں کے نیچے لوگوں کے پھنسنے کی وجہ سے ہلاکتوں کی تعداد بڑھ سکتی ہے۔ واضح رہے کہ زلزلے کا مرکز ہرات سے 40 کلومیٹر (25 میل) شمال مغرب میں تھا اور اس کے بعد 4 اعشاریہ 6 اور 6 اعشاریہ 3 شدت کے 7 آفٹر شاکس آئے ہرات شہر ایران کی سرحد سے 120 کلومیٹر مشرق میں واقع ہے اور افغانستان کا ثقافتی مرکز سمجھا جاتا ہے۔

بقیہ 23

کے ریٹائرڈ افسران بھرتی کئے جائیں گے۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ ریجنل بیوروز میں جونیئر ایکسپرٹ بھرتی کئے جائیں گے اور نیب کا انٹیلی جنس ونگ ملک بھر میں کارروائیاں کرے گا۔ اس سے قبل 21 ستمبر کو نیب نے اربوں روپے مالیت کے کرپشن ریفرنسز دوبارہ کھولنے کے بعد کرپشن کے خلاف کارروائیوں کے لیے حساس اداروں کے افسران کی خدمات لینے کا فیصلہ کیا تھا اور اس حوالے سے چیئرمین نیب کی منظوری سے خط بھی لکھا تھا۔ نیب نے اپنے خط میں اہم عہدوں پر تقرریوں کے لیے ڈیپوٹیشن پر حساس اداروں سے افسران مانگے تھے۔ نیب حکام کے مطابق نیب میں تمام خالی آسامیوں پر فوری تقرریاں کردی جائیں گی اور ڈپٹی چیئرمین نیب اور پراسیکیوٹر جنرل کے عہدوں پر مستقل افسران کا تقرر کردیا جائے گا، حساس اداروں کے افسران آئندہ چند روز میں نیب میں کام شروع کردیں گے۔

بقیہ 24

جنگ کے علاوہ ہمارا کوئی دوسرا آپشن نہیں۔ سعودی نشریاتی ادارے سے بات کرتے ہوئے عسکریت پسند گروپ حماس کے ترجمان حازم قاسم کا کہنا تھا کہ اسرائیل کے ساتھ لڑائی ابتدائی مرحلے میں ہے، فی الحال حماس کے زیر حراست اسرائیلیوں کی تعداد ظاہر نہیں کر رہے ہیں، تاہم ہم اسرائیلی جیلوں میں قید فلسطینیوں کی رہائی کا معاملہ برابر کرنا چاہتے ہیں۔ ترجمان حماس نے کہا کہ اسرائیل کے خلاف آپریشن باقاعدہ منصوبہ بندی کے ساتھ کیا گیا ہے، اور اسرائیلی علاقے میں داخلے اور میزائل حملے بھی سوچی سمجھی کارروائی تھے، اس آپریشن کے پیشتر نکات ہماری منصوبہ بندی کے مطابق چل رہے ہیں۔ ترجمان کا مزید کہنا تھا کہ جنگ کے علاوہ ہمارا کوئی دوسرا آپشن نہیں، ہم تمام ممکنہ منظر ناموں کے لیے تیار ہیں اور اسرائیل کا مقابلہ کرنے کی سکت رکھتے ہیں۔

بقیہ 25

بورڈز کا سارا فوکس معیار کی بجائے فیسیں بڑھانے پر ہے۔ ان خیالات کا اظہار آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن شمالی پنجاب کے صدر ابرار احمد خان، سیکرٹری جنرل محمد اعجاز ملک، سینئر نائب صدر شاہد لطیف کے ہمراہ ضلع خوشاب میں تنظیمی دورہ کے موقع پر پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی کے عہدیداران سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات میں سرپرست اعلیٰ رانا خلیل احمد، رانا ناصر محمود، ملک عبدالرحمٰن، انجینئر حبیب فیصل، ملک عبدالرؤف نے بھی شرکت کی۔ ابرار احمد خان نے اس بات پر گہری تشویش کا اظہار کیا کہ عرصہ دراز سے پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن سے الحاق شدہ نجی تعلیمی اداروں کے طلباء و طالبات کی ماہانہ فیس 550 روپے سے آگے نہ بڑھ سکیں۔ ستم بالائے ستم یہ کہ ادائیگیاں بھی وقت پر نہیں کی جاتیں اور سکول مالکان کو پورا سال انتظار کی اذیت سے گزرنا پڑتا ہے۔ پیف پارٹنرز سکول انتہائی مشکلات سے دوچار ہیں ابرار احمد خان نے مطالبہ کیا کہ طلباء کی ماہانہ فیسوں میں موجودہ مہنگائی کی شرح سے اضافہ کیا جائے، ابرار احمد خان نے کہا کہ پنجاب کے تمام تعلیمی بورڈز کی ہر قسم کی فیسوں میں نمایاں کمی کی جائے اور یکساں پالیسیوں کا نفاذ ممکن بنایا جائے۔ اگر تعلیمی بورڈز نے اپنا وطیرہ نہ بدلا تو ہمارے پاس فیڈرل تعلیمی بورڈ سے الحاق کا آپشن موجود ہے، پنجاب کے 5 تعلیمی بورڈز میں کمشنرز کی بجائے تعلیم سے متعلقہ ذمہ داران کو چیئرمین بورڈز تعینات کیا جائے۔ ابرار احمد خان نے وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی سے مطالبہ کیا کہ نجی تعلیمی اداروں کے مسائل کے حل پر فوری توجہ دیں تاکہ تعلیمی سرگرمیاں خوشگوار ماحول میں چلتی رہیں۔ پیف کے حوالے سے موجودہ علم کش پالیسیوں پر نظر ثانی کی جائے۔

بقیہ 26

پروفیشنل ونگ گوجرخان کے صدر احمد شاہ خان مسلم لیگ ن تحصیل گوجرخان کی صدر شازیہ سلطانہ بٹ سٹی صدر شمشاد بیگم نے اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے ممبر اور سینئر صحافی راجہ نصیر احمد بھٹی کی خالہ محترمہ سیاسی و سماجی شخصیت حاجی اشرف کی ہمشیرہ محترمہ کی وفات پر دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس عطا فرمائے پسماندگان کو صبر و جمیل عطا فرمائے

بقیہ 27

اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ ملک کے بیشتر علاقوں میں آج موسم خشک جب کہ جنوبی علاقوں میں گرم رہے گا، تاہم اسلام آباد میں مطلع جزوی طور پر ابر آلود رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق گلگت بلتستان اور بالائی خیبر پختونخوا میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے کے علاوہ چند مقامات پر تیز ہوا و؟ س اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔

بقیہ 28

ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ نواز شریف نے اپنے دور حکومت میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کا سلسلہ ختم کیا، ان کے دور میں ہی دہشت گردی کا قلع قمع کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف دور میں بیرونی سرمایہ کاری نے پاکستان کا رخ کیا، اسی دور میں ہی سی پیک کا لینڈ مارک پروگرام شروع ہوا۔ عظمیٰ بخاری کا کہنا ہے کہ نواز شریف کی وطن واپسی کے اعلان پر ایک جماعت منفی باتیں کر رہی ہے، آج پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے کہ وہ وطن واپس نہیں آرہے، شہباز شریف واضح طور پر کہہ چکے ہیں کہ نواز شریف ان شاء اللہ ضرور واپس آئیں گے۔ مسلم لیگ ن کی رہنما نے کہا ہے کہ نواز شریف کی واپسی کا اعلان پاکستان اور قوم کے لیے امید کا پیغام ہے، 21 اکتوبر ملکی خوشحالی اور ترقی کا دن ثابت ہوگا، 16 مہینے میں پاکستان کو سری لنکا نہیں بننے دیا گیا۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ شہباز شریف کے انتخابی حلقے کے دورے کے دوران 2 گروپوں کے درمیان تنازع تھا، دونوں گروپ ایک مقامی مسئلے پر ایک دوسرے کے ساتھ جھگڑ رہے تھے۔

بقیہ 29

انہوں نے کہا کہ ہر بار گری ہوئی معیشت اور قومی وقار کو نواز شریف نے ہی سنبھالا، ہر بار نواز شریف کو زخم لگے، ہر بار نواز شریف نے پاکستان کو لگے زخم بھرے، تاریخ گواہ ہے کہ نواز شریف نے کبھی انتقام نہیں لیا۔ حمزہ شہباز نے مزید کہا کہ نواز شریف کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ ڈیلیور کیا، ہر وعدہ پورا کیا، پاکستان کی ترقی اور مہنگائی سے عوام کی نجات کی لکیر صرف نواز شریف کے ہاتھ میں ہے۔

بقیہ 30

ہمیں تسلیم کرنا چاہیے، پاکستان داخلی مشکلات اور بیرونی خطرات سے دوچار ہے، معاملات وقت کے ساتھ ساتھ گھمبیر ہوتے جا رہے ہیں، مریض اگر مرض کو تسلیم ہی نہیں کرتا تو مرض بڑھتا جائے گا، بحیثیت قوم ہمیں اپنے وطن کیلئے سوچنا پڑے گا۔ مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ میں نے عوامی جلسوں میں کہا تھا کہ معیشت بہت گر گئی ہے، پی ٹی آئی کے دور میں سالانہ مجموعی پیداوار صفر ہوگئی۔ اسٹیٹ بینک میں زرمبادلہ کے ذخائر صرف 2 ارب ڈالر رہ گئے تھے، ہم نے زرمبادلہ کے ذخائر 17 ارب ڈالر چھوڑے تھے، پوری دنیا کی معیشت میں پاکستان 24 ویں نمبر پر آ گیا تھا۔ اگر یہ لوگ نہ ہوتے تو آج پاکستان جی 20 کا ممبر ہوتا، ہمارے پڑوس میں جی 20 کا اجلاس ہوا ہے، ساڑھے 3 سال میں پاکستان دنیا کی معیشت میں 47 ویں نمبر پر چلا گیا۔ سربراہ جے یو آئی نے کہا کہ ساڑھے 3 سال میں حکومتی گرفت کمزور کی گئی جو ابھی تک کمزور ہے، کہتا رہا ملک اس حد تک نیچے جا چکا ہے کہ اب دلدل بن گئی ہے، آئے روز خونی کھیل کھیلا جارہا ہے، قبائلی علاقوں میں روزانہ کے حساب سے کتنے لوگ گولی کا نشانہ بنتے ہیں، جمعیت علمائے اسلام پر حملہ کس کے اشارے سے ہوئے؟ مستونگ میں مولانا عبدالغفور حیدری پر بھی حملہ ہوا تھا، جہاں اس حد تک قتل و غارت ہو وہاں امن و سکون کا کیا سوال پیدا ہوتا؟ ملک کا پورا ڈھانچہ ہل چکا ہے، کراچی کی گلی کوچوں میں جرائم ہیں، کراچی میں ایم این اے اور ایم پی ایز سے گھڑیاں چھینی جاتی ہیں۔ فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ کون لوگ ہیں جو ایک کمرے میں بیٹھ کر ملک اور عوام کا فیصلہ کرتے ہیں، کچھ کمزوریوں کا ذکر کرتا ہوں تو کہتے ہیں الیکشن ملتوی کرانا چاہتے ہیں، الیکشن ملتوی نہیں کرا رہا، غلط فیصلوں کی نشاندہی کر رہا ہوں۔ 2018 کے الیکشن کو تسلیم نہیں کیا، ساڑھے 3 سال دوبارہ الیکشن کا مطالبہ کیا، ہمیں الیکشن سے ڈرایا جاتا ہے، جو ہمیں الیکشن سے ڈرانے والے بلدیاتی الیکشن دیکھ لیں۔ انکا مزید کہنا تھا کہ مغربی دنیا آج بھی اس کی پشت پر ہے، ان کی لابیز یہاں کام کر رہی ہیں، یہ ایک پارٹی کیلئے کام نہیں کر رہی، یہ ریاست کیخلاف کام کر رہی ہیں۔

بقیہ 31

لیٹرز منسوخ تصور ہوں گے، اٹارنی جنرل اور وزارت ہاسنگ نے تسلیم کیا رولز میں اس کی کوئی گنجائش نہیں، وفاقی حکومت سرکاری رہائش گاہوں کی الاٹمنٹ میں اکامو ڈیشن رولز کی خلاف ورزی کرتی رہی ہے۔ عدالت نے سیکرٹری ہاسنگ کو سرکاری رہائش گاہ کے منتظر جنرل ویٹنگ لسٹ میں شامل وفاقی ملازمین کا ڈیٹا تیار کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ڈیٹا کی تیاری نادرا اور اسٹیبلشمنٹ ڈویژن سے تصدیق کے ساتھ کی جائے، وزارت ہاسنگ کی ویب سائٹ پر ویٹنگ لسٹ اور الاٹمنٹ اکاموڈیشن لسٹ کی 30 دن میں دستیابی کو یقینی بنائے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ ڈیٹا تیاری میں اسٹیبلشمنٹ ڈویژن، وزارت آئی ٹی، فنانس ڈویژن اور نادرا معاونت فراہم کریں، سیکرٹری ہاسنگ نے انڈرٹیکنگ دی کہ وہ سروے کرائیں گے کہ کون ہیں جنہوں نے الاٹمنٹ کرا کے رہائش رینٹ پر دے رکھی ہے، سیکرٹری ہاسنگ رہائشیں رینٹ پر دینے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کرسکتے ہیں۔ ہائی کورٹ نے قرار دیا کہ وزارت ہاسنگ کو ایک ماہ میں جنرل ویٹنگ لسٹ اور دیگر ترجیحی فہرستیں منسٹری ویب سائٹ پر آویزاں کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ آئین کے آرٹیکل 199 کے تحت ہائی کورٹ از خود نوٹس کا اختیار نہیں رکھتی۔ مذکورہ درخواست پر وزارت ہاسنگ کی رپورٹ میں الاٹمنٹ کے سلسلے میں بے شمار بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا۔

بقیہ 32

اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، تھانہ شالیمار پولیس کو شہری نے اطلاع دی کی اس کا بیٹا احتشام اور بیٹی ایلی طاہرہ گھر سے نکلے اور تاحال واپس نہیں آئے جن کی تلاش میں مدد کی جائے، پولیس ٹیم نے تمام تکنیکی اور انسانی ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گمشدہ بچوں کو بحفاظت تلاش کرکے والدین کے حوالے کر دیا، بچوں کے والدین نے پولیس ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور فوری مدد کرنے پر اسلام آباد کیپٹیل پولیس کی کاوشوں کو سراہا، اسلام آباد کیپٹیل پولیس وفاقی دارالحکومت کو امن کا شہر بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گی اور اپنے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ اپنے اردگرد کے ماحول پر نظر رکھیں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق فوری اپنے متعلقہ تھانہ یا "پکار 15" - پر اطلاع دیں۔

بقیہ 33

کوائف کا اندراج مکمل کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹیل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خان کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپٹیل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے گھر گھر جاکر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کیلئے "Knock the door" مہم کا سلسلہ جاری ہے، اس مہم کے دوران اسلام آباد کیپٹیل پولیس کی مختلف ٹیمیں گلی محلوں میں جاکر کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج کو یقینی بنا رہی ہیں، اس سلسلے میں انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد نے تھانہ سنبل کے علاقے میں 450 گھروں کے 147 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کیا، اسلام آباد کیپٹیل سٹی پولیس آفیسر نے کہا کہ اس مہم کا مقصد وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں امن و امان کی فضاء کو برقرار رکھنا ہے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچا جاسکے، انہوں نے مزید کہا کہ کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج سے نا صرف شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھی جاسکتی ہے بلکہ کسی بھی قسم کی مشکوک سرگرمی میں ملوث عناصر کو غیر قانونی سرگرمیوں سے روکا جاسکتا ہے، اندراج نہ کروانے کی صورت میں کوئی بھی شرپسند عناصر عام شہری کا روپ دھال کر چوری اور ڈکیتی جیسی سنگین وارداتوں میں ملوث ہوکر نقصان پہنچا سکتا ہے، اسلام آباد کیپٹیل پولیس اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے وفاقی دارالحکومت کے شہریوں کو ایک محفوظ ترین ماحول فراہم کرنے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

بقیہ 34

تفصیلات کے مطابق بجلی بل جمع کروانے کے لیے یو بی ایل بنک جانے والے شہری کو بنک عملے نے کرارہ جواب دے دیا ہمارے بنک میں بجلی بلوں کی کولیکشن نہیں کی جاتی کہیں اور جا کر بل جمع کروادو بنک عملے کے ہتک آمیز رویے سے شہری شدید دلبرداشتہ، آئے روز بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کی وجہ سے عوام ایک عذاب سے گزر رہے ہیں اور عوام بل جمع کروانے جائیں تو اداروں میں بیٹھے عملے کی نخرے بھی عوام کو بھگتنے پڑتے ہیں، ان خیالات کا اظہار پوٹھوار پریس کلب گوجرخان کے ایگزیکٹو ممبر ظہیر اختر خواجہ نے ایک بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ میرا بجلی کا بل 50 ہزار روپے تھا جسے ڈاکخانے میں جمع کروانے گیا تو انہوں نے کہا کہ 25 ہزار روپے سے زائد کا بل بینک جمع کرے گا، جس پر میں یو بی ایل بینک ریلوے روڈ گیا، تو بینک کے عملے کا جواب ملا کہ کہیں اور بنک میں جمع کروادو ہم بجلی کے بل جمع نہیں کرتے، میرے استفسار پر کہ آپ لکھ کر دے دیں کہ آپ بجلی کے بل جمع نہیں کر سکتے، تو سوچو بچار کرنے اور باتیں سنانے کے بعد بل جمع کرلیا گیا عملے کے اس رویے کی بابت زبانی شکایت میں نے بنک منیجر سے بھی کی ہیں ارباب اختیار اور اے سی گوجرخان سے سٹاف کے ایسے ناروا رویے پر سختی سے نوٹس کا مطالبہ کرتا ہوں عوام اپنے بچوں کے منہ سے روٹی کا نوالہ چھین کر گورنمنٹ کی خواہشات کو پورا کرنے کے لیے اپنی جمع پونجی بجلی کے بلوں کی شکل میں دے رہی ہے مگر اداروں میں بیٹھے ایسے نااہل عوام کو مزید پریشان کر کے کون سی اپنی دلی تسکین کو پورا کرنا چاہتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ ایسے لوگوں کو عوامی اداروں میں نہیں بلکہ گھروں میں بیٹھانا چاہیے جو ان عوامی اداروں میں بیٹھ کر نواب بن جاتے ہیں۔

بقیہ 35

لاہور ٹیکس بار زاہد پرویز، نائب صدر رانا کاشف ولایت، جنرل سیکرٹری اعجاز علی بھٹی، جوائنٹ سیکرٹری اصغر جالندھری، فنانس سیکرٹری عامر ریحان نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سب سے پہلے ہر شخص کو شک کی نگاہ سے دیکھنے اور شکنجہ کسنے کی پالیسی کو ترک کرکے اپنا اعتماد بحال کرے، حکومتی ذمہ داران ٹیکس دینے کی صلاحیت رکھنے والوں سے مخاطب ہوں اور انہیں اعتماد دیں اور انہیں قانونی دائرے میں آنے کیلئے محفوظ راستہ فراہم کیا جائے۔ جو لوگ ٹیکس نیٹ میں نہیں آئے ان پر کم شرح سے فکس ٹیکس عائد کیا جائے اور ان کیلئے "خوشحال پاکستان" کے سلوگن کا ٹکٹ جاری کیا جائے اور یہ افراد ٹیکس نیٹ میں ریٹرنز جمع کروا کر ہر طرح کے خوف سے نکل جائیں

بقیہ 36

سے تنگ آکر فیصلہ کیا کہ علیحدگی اختیار کرلی جائے جس پر طلاق لی لیکن سابق شوہر توصیف علی اس کا سامان جہیز آہستہ آہستہ فروخت کر رہا ہے جبکہ سسرال والے سامان کی توڑ پھوڑ کر رہے ہیں۔ اس درخواست پر عدالت نے بیلف مقرر کیا جس نے توصیف علی کے گھر چھاپہ مار کر سامان جہیز مطلقہ رخسانہ مشتاق کو دلوا دیا۔

بقیہ 37

بڑھتی قیمتوں کے پیش نظر ایک صارف نے تبصرہ کرتے ہوئے لکھا کہ ان دونوں فوٹوشوٹ کیلئے مہنگی ترین لوکیشن۔ ایک صارف نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے دلہن سے سوال کیا کہ کہیں پمپ والے سے ہی تو شادی نہیں کرلی؟

بقیہ 38

دیگر آن لائن فورم پر نہ دیئے جائیں۔ ناگزیر صورتحال میں بھی تصاویر کو دھندلا اور متعلقہ شخص کی اصل شناخت ظاہر نہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ایف آئی اے کے تمام افسران و اہلکار جاری ہدایات پر من و عن عملدرآمد کریں۔ ہدایات پر عملدرآمد نہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 39

بعد کئی ہفتوں تک برقرار رہ سکتی ہیں۔ برطانیہ کی کوئین میری یونیورسٹی کی اس تحقیق میں 10 ہزار سے زائد افراد کو شامل کرکے یہ دیکھا گیا تھا کہ نظام تنفس کے امراض سے طویل المعیاد بنیادوں پر صحت پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ تحقیق میں دریافت کیا گیا کہ عام نزلہ زکام سے بھی صحت پر طویل المعیاد بنیادوں پر منفی اثرات مرتب ہوسکتے ہیں جن کے بارے اب تک علم نہیں تھا۔

بقیہ 40

بتایا گیا کہ 58 فیصد پاکستانی شاپنگ مال سے دور رہتے ہیں اور انہوں نے کہا کہ وہ شاپنگ مالز بالکل نہیں جاتے۔ سروے کے مطابق 3 فیصد نے باقاعدگی سے شاپنگ مالز جانے کا بتایا جبکہ 40 فیصد نے کہا کہ وہ شاپنگ مالز صرف ضرورت کے وقت جاتے ہیں۔

بقیہ 41

بازی دیگر معاشرتی برائیوں کی جڑ ہے ایسے جرائم میں ملوث ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے، قمار بازوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 42

سے 20 منٹ میں 5000 راکٹ اسرائیل کی جانب داغے گئے جس کے نتیجے میں 200 سے زائد یہودی ہلاک اور 1100 سے زائد زخمی ہوئے جبکہ اسرائیلی فوج کے درجنوں افسران اور اہلکاروں کو یرغمال بھی بنا لیا گیا۔ مقامی میڈیا رپورٹس کے مطابق حماس اور آئی ڈی ایف کے درمیان جاری لڑائی دوسرے روز میں داخل ہوگئی جس کے نتیجے میں ہلاکتوں اور زخمی افراد کی تعداد میں بھی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ برطانوی اور عرب میڈیا کی رپورٹس کے مطابق حماس کے حملوں میں اب تک 250 سے زائد اسرائیلی ہلاک ہو چکے ہیں جبکہ زخمیوں کی تعداد 1500 سے تجاوز کر چکی ہے۔ دوسری جانب اسرائیلی فورسز کی جوابی کارروائی میں 230 فلسطینی شہید اور 1600 سے زائد زخمی ہو چکے ہیں۔ اسرائیل کی نہال بریگیڈ کے کمانڈر کرنل جوناتھن سٹین برگ بھی ہلاک ہونے والوں میں شامل ہیں جس کی تصدیق آئی ڈی ایف کی جانب سے بھی کی گئی۔

بقیہ 43

کی جو جان لیوا ثابت ہوئی، سب انسپکٹر کے پاس موجود نائن ایم ایم پستول بھی غائب ہے، ایس ایس پی ایسٹ نے جائے وقوع پر پہنچ اور شواہد کا جائزہ لیا۔ ایس ایس پی ایسٹ نے سب انسپکٹر کے قتل کو ڈکیتی مزاحمت یا ذاتی دشمنی کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے واقعے کی مختلف پہلوؤں پر تفتیش شروع کردی ہے۔ اتوار کی صبح سائٹ سپرہائیوے صنعتی ایریا تھانے کے علاقے سپر ہائیوے جاکر ہوٹل کے قریب نامعلوم مسلح ملزمان کی فائرنگ سے موٹر سائیکل پر سوار سادہ کپڑوں میں ملبوس سب انسپکٹر 53 سالہ عامر علی ولد حسین عباس کو قتل کردیا۔

بقیہ 44

کہا کہ وہ آج کے واقعات سے حیران نہیں ہیں، خطے میں امن کے لیے اسرائیل کے غیر قانونی قبضے، یہودی آبادکاری اور فلسطینیوں پر مظالم کا خاتمہ ضروری ہے۔

بقیہ 45

سائیکلوں کو چالان، وارننگ کے باوجود تجاوزات قائم کرنے پر 4 مقدمات درج، متعدد دوکانداروں و ریڑھی بانوں کو آخری تحریری وارننگ جاری۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر سید خالد ہمدانی کے خصوصی احکامات اور چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی تیمور خان کی ہدایات پر انچارج ٹریفک نیو ٹاؤن سرکل انسپکٹر ریاض احمد نے لفٹر اور اپنی ٹیم کے ہمراہ صادق آباد ڈیکسٹر میں نو پارکنگ کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے 83 گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کو موقع پر چالان ٹکٹ جاری کیے، وارننگ کے باوجود تجاوزات کے ذریعے ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ پیدا کرنے پر 4 دوکانداروں کیخلاف مقدمات درج کروائے جبکہ متعدد دوکانداروں و ریڑھی بانوں کو آخری تحریری وارننگ جاری کرتے ہوئے شاہراہوں کو تجاوزات مافیا سے واگزار کروایا۔ اہل علاقہ کیجانب سے انچارج ٹریفک نیو ٹاؤن سرکل اور انکی ٹیم کی کاروائی کو بھرپور سراہا گیا۔ چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی تیمور خان کیجانب سے انچارج ٹریفک نیو ٹاؤن سرکل انسپکٹر ریاض احمد اور انکی ٹیم کو اچھی کاروائی پر شاباش دیتے ہوئے کہنا تھا کہ ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیے روڈ پر موجود ریڑھی بانوں، تجاوزات و نو پارکنگ کے خلاف آپریشن کا سلسلہ روزانہ کی بنیاد پر جاری رکھا جائے گا تاکہ اس کے مثبت نتائج سامنے آئیں۔

بقیہ 46

معہ ایمونیشن برآمد کرکے مقدمات درج درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹیل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خان کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپٹیل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے راہزنی کی وارداتوں میں ملوث گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کے قبضہ سے چھینے گئے قیمتی موبائل فون، نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزم کی شناخت عدالت کے نام سے ہوتی ہے، ملزم کے خلاف مقدمات درج ہیں، ابتدائی تفتیش کے دوران ملزم نے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، جبکہ تھانہ شالیمار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے چوری کی وارداتوں میں ملوث گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کے قبضہ سے مال مسروقہ برآمد کرلیا گیا، ملزم کی شناخت حمید الرحمٰن کے نام سے ہوئی ہے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
09 اکتوبر 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 09 اکتوبر 2023، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، ایلس ای ایس، فضل حق، این ڈی سی-1، ایچ الیون فور، آئی ٹن ٹو، نیو ایکسچینج، کڈنی سینٹر، ڈاکٹر اے کیو خان، اسلامک یونیورسٹی، بحریہ یونیورسٹی، جی ٹن ون، جی ٹن ٹو، جی ٹن فور، جی نائن ون، سی ڈبلیو او محفوظ شہید کلب، I-فلٹریشن پلانٹ، سکیم-II، جھٹہ بختاور، اے کیو خان، گالف سٹی، انڈسٹریل-I، II، III، وارد، اولڈ پی ٹی این، اتحاد فونڈری، ایس ایچ سٹیل، صدیقی سٹیل، یوفون فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، ڈھوک نجو، راجہ سلطان، عید گاہ، عزیز آباد، پیپلز کالونی، نیو ملپور 6th روڑ، ال انڈسٹری، پی ٹی سی ایل، باغ سرداراں، سوشل سکیورٹی، راجہ آباد، انڈسٹریل، ڈھوک حسو، پیرودھائی، کیرج فیکٹری فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، مورگاہ، پارک ویو، پنڈی بورڈ، میجر ریاض، لالہ زار، جھاورہ، یو سی کٹھن فیڈر، اٹک سرکل، ایچ ایم سی روڈ، ٹیکسلا، شیر شاہ سوری، پنڈ پران، ویلی، گلشن صحت، سنگجانی، شاہ اللہ دتہ، اے ڈبلیو فور، ایم وی ایچ ایس، ایم پی ایچ ایس بی-17، پسوال، سرائے خربوزہ، بولنیوال فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش کی بابت معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 47

سے 1 کلو 200 گرام چرس، پیرودھائی پولیس نے ملزم ظہیر سے 540 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، منشیات کے خاتمہ کے لیے کریک ڈاؤن جاری رہے گا، وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 48

کے شہریوں کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کیلئے کوشاں، ضلع کے تمام سرکل و سیکٹر انچارجز کو پبلک سروس گاڑیوں کے روٹ پرمٹ، انکی خلاف ورزی فٹنس سرٹیفکیٹ کے نہ ہونے اور ڈرائیونگ کے پاس پبلک سروس ڈرائیونگ لائسنس نہ ہونے کیصورت میں سخت احکامات جاری کرتے ہوئے کہنا تھا کہ پبلک سروس گاڑیوں پر مسافروں کے جان و مال کی ایک بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے دوران ڈرائیونگ ڈرائیور کی چھوٹی سی لاپرواہی اور غلطی کسی کی جان لے سکتی ہے اس حوالے سے خصوصی مہم کا آغاز کیا جا رہا ہے تاکہ انکی زندگی کو کسی حد تک حادثات سے محفوظ بنایا جاسکے۔ انکا مزید کہنا تھا کہ راولپنڈی ٹریفک پولیس شہریوں کو بہترین سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے متحرک ہے جس کے لیے بھرپور محنت کر رہے ہیں پبلک سروس میں سفر کرنے والے مسافروں کی شکایات پر بلا تاخیر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، ہمارا مقصد عوام الناس کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ ان کی زندگیوں کو محفوظ بنانا ہے کیونکہ ٹریفک قوانین کی پاسداری کرکے ہی سفر کو محفوظ بنایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 49

آزاد کشمیر میں مظفرآباد سے باغ، راولاکوٹ سمیت کئی علاقوں میں تباہی کے دل سوز مناظر تھے۔ ایک اندازے کے مطابق 12000 طلبا و طالبات اور 1500 سے زائد اساتذہ زلزلے میں زندہ درگور ہوئے۔ 8 اکتوبر 2005 کے زلزلے سے 5 لاکھ سے زائد گھر، ہیلتھ کلینکس، کلومیٹر سڑکیں، پل اور ذرائع مواصلات مکمل تباہ ہوئے۔ اس کے علاوہ سول، سرکاری و غیر سرکاری ادارے اس زلزلے کی تباہ کاریوں سے مفلوج ہو چکے تھے۔

بقیہ 50

ڈریپ سیڈ ریسرچ سینٹر فار انویسٹی گیشن اینڈ ایکسچینج کا دورہ کیا تھا جس میں ان کے ہمراہ لی ڈیانرونگ اور سنٹر کے ڈپٹی سیکرٹری لی یولی بھی موجود تھے۔ گوادر پرو کے مطابق دورے کے دوران، لی ڈیانرونگ نے ریپ سیڈ تحقیق میں تازہ ترین پیش رفت کا تعارف کرایا۔ 50 سالوں سے ریپ سیڈ کی افزائش اور کاشت کاری کی ٹیکنالوجی پر تحقیق میں مصروف، لی نے آزادانہ طور پر 22 ہائبرڈ ریپ اقسام کی کاشت کی ہے۔ اسے ہائبرڈ ریپ کا باپ بھی کہا جاتا ہے۔ "ہمارا مرکز پاکستان کی ریپ سیڈ انڈسٹری کی ترقی میں حصہ لینے کے لئے اہلکاروں کی تربیت اور خدمات میں مدد فراہم کرنے کے لئے تیار ہے۔ ہم پاک چین زرعی نمائش پارک میں ریپ سیڈ کی نئی اقسام کو آزمانے کا بھی ارادہ رکھتے ہیں۔

بقیہ 51

کم از کم ایک سال کے لیے اور پاکستان میں کیش کرائی جاسکے گی، بینک گارنٹی میں ڈیمیکو اور گڈز پر عائد ٹیکس اور ڈیوٹیز بھی شامل ہوں گی۔ اعلامیہ میں بتایا گیا ہے کہ نئی شرائط امپورٹرز، کسٹمز ایجنٹ، بروکرز اور ٹرانسپورٹ آپریٹرز پر لاگو ہوں گی، ترامیم میں رولز کا مقصد پاک افغان ٹرانزٹ آپریشن کو مالی تحفظ فراہم کرنا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق رسک مینجمنٹ سسٹم کے تحت کم از کم 10 فیصد سامان کا معائنہ کیا جاسکے گا کلیئرنس کے بعد سامان متعلقہ ٹرمینل کو ڈیلیوری اور سیلنگ کے لیے بھیجا جائے گا۔

بقیہ 52

کے مطابق اسلام آباد کیپٹیل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپٹیل پولیس کا سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے، ان احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپٹیل پولیس تھانہ ترنول، تھانہ گولڑہ، تھانہ نون، تھانہ لوہی بھیر، تھانہ کراچی کمپنی، تھانہ آبپارہ، تھانہ سیکرٹریٹ، تھانہ کوہسار، تھانہ شمس کالونی، تھانہ انڈسٹریل ایریا، تھانہ سہالہ اور تھانہ رمنا پولیس ٹیموں نے گزشتہ ہفتے کے دوران سنگین جرائم میں ملوث 33 اشتہاری مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی، آئی جی پی ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے کہا کہ اشتہاری اور عدالتی مفروران کے خلاف مہم کو مزید موثر بناتے ہوئے مجرمان کو گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپٹیل پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔

بقیہ 53

ہدایات دیں، سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ عبادت کے لیے گرجا گھروں میں آنے والے افراد کی سکیورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے لیے ہر ممکنہ وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

بقیہ 54

قیمت 19.39 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو سے زائد ہوگی، جبکہ دسمبر کے تیسرے اور آخری ہفتے کیلئے کوئی بولی موصول نہیں ہوئی۔ حکام وزارت توانائی کے مطابق جنوری اور فروری کیلئے بھی ایل این جی کا بندوبست نہیں، دسمبر تک گیس صرف کھانا تیار کرنے کے اوقات میں دستیاب ہوگی، اس دوران گھریلو صارفین کو صبح 3، دوپہر 2 اور شام کو 3 گھنٹے گیس ملے گی۔ واضح رہے کہ ملک میں موسم سرما کے دوران گیس کی طلب میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اور موسم سرما کیلئے تقریبا 4000 ایم ایم سی ایف ڈی ڈیمانڈ ہوتی ہے، جس میں 2500 ایم ایم سی ایف ڈی دستیاب ہوتی ہے، اور اس میں 1600 ایم ایم سی ایف ڈی مقامی سطح پر حاصل ہوتی ہے، 900 ایم ایم سی ایف ڈی بیرون ملک سے منگوائی جاتی ہے، جبکہ 1500 ایم ایم سی ایف ڈی کا شارٹ فال برقرار رہتا ہے۔ اس کے علاوہ حکومت کی جانب سے موسم سرما میں گیس کی طلب کو پورا کرنے کیلئے انڈسٹری کو سپلائی بند کرکے گھریلو صارفین کو گیس مہیا کی جاتی ہے۔

بقیہ 55

5 اشیا کی برآمدات 4 ارب ڈالر کے قریب تھی، افغان ٹریڈ کیلئے 6 سے 7 ارب ڈالر کی ڈیمانڈ تھی۔ واضح رہے کہ کچھ روز قبل سابق وزیر خزانہ اسحٰق ڈار نے بھی امید ظاہر کی تھی کہ آئی ایم ایف کا اگلا اقتصادی جائزہ کامیاب ہوگا۔ اسحاق ڈار نے کہا ڈالر 250 روپے کے قریب آنا چاہیے، قیمت اس سے اوپر جانے کی کوئی وجہ نظر نہیں آتی۔ امید ہے آئی ایم ایف کا اگلا اقتصادی جائزہ کامیاب ہوگا اور پاکستان کو 70 کروڑ ڈالر کی قسط ملے گی۔ یاد رہے کہ ڈالر کی ذخیرہ اندوزی کیخلاف کریک ڈاؤن کے دوسرے مرحلے میں ذخائر کی برآمدگی کیلئے متعلقہ اداروں کی گھروں پر چھاپے مارنے کی حکمت عملی اختیار کرنے کے باعث گزشتہ روز بھی مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت میں کمی کا رجحان برقرار رہا۔ اوپن مارکیٹ میں ڈالر ایک ماہ میں 48 اور انٹربینک میں 24 روپے 41 پیسے سستا ہوا ہے۔ جس سے ڈالر کی قدر تین ماہ پرانی والی سطح پر واپس آگئی۔

بقیہ 56

تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے ملزم عدنان سے 20 لیٹر شراب، ٹیکسلا پولیس نے ملزم اشفاق سے 1 پستول 9mm معہ ایمونیشن برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ شراب سپلائرز اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جارہی ہے۔

بقیہ 57

کے زیر استعمال تھی۔ عبدالکریم ٹیکسیشن افسر کے طور پر ڈسٹرکٹ کونسل ٹھٹھہ میں تعینات ہے۔ سرکاری گاڑی کو تحویل میں لے کر افسر کو معطل کرکے ایف آئی آر درج کرادی گئی ہے۔ اس حوالے سے ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ بلدیات کو معاملے کی تحقیقات کرکے رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

بقیہ 58

پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں پیشہ ور بھکاریوں اور انکے سہولت کاروں کیخلاف بھرپور کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، ان احکامات کی روشنی میں پیشہ ور بھکاری جو مختلف اشاروں، چوکوں، چوراہوں اور مارکیٹوں میں شہریوں کو پریشان کرتے ہیں ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہیں، بھکاریوں کو سفری سہولیات مہیا کرنے والے سہولت کاروں اور ٹھیکیداروں کی سیف سٹی کے کیمروں اور انسانی ذرائع کی مدد سے شناخت کی جارہی ہے، اس سلسلے میں پولیس ٹیموں نے گزشتہ ہفتے کے دوران 49 پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کرکے ان کے خلاف بھکاری ایکٹ کے تحت مقدمات درج کرلیے، اس کے علاوہ والدین جو اپنے بچوں کو بھیک مانگنے کے بہانے ان جرائم پیشہ عناصر کے سپرد کردیتے ہیں ان کے خلاف بھی قانونی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے، بھکاریوں کے روپ میں بہت سے جرائم پیشہ افراد مختلف علاقوں میں وارداتیں کرنے میں بھی ملوث پائے گئے ہیں، تمام زونل ڈی پی اوز کو بھی واضح ہدایات جاری کردی گئی ہیں کہ پیشہ ور بھکاریوں کیخلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز اور موثر بنائیں، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ ان پیشہ ور بھکاریوں کی حوصلہ شکنی کریں اور کہیں بھی بھکاری دیکھیں تو فوری "پکار 15" - پر اطلاع دے کر پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔

بقیہ 59

بلاک کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ بس اڈوں پر سائن بورڈ، کرایہ نامہ نمایاں جگہوں پر آویزاں اور سکیورٹی کیمروں کی تنصیب یقینی بنائی جائے۔ اسی طرح تمام بس اڈوں پر مسافروں کیلئے رہنمائی ڈیسک قائم کئے جائیں۔ انہوں نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ بس اور ویگن اڈوں پر ویل چیئرز استعمال کرنے والے افراد کیلئے ریمپ بھی بنائے جائیں۔ پینے کے صاف پانی اور معیاری اشیائے خوردونوش کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ بس اڈوں پر خصوصی صفائی ستھرائی جبکہ واش رومز میں صفائی کے مسلسل انتظام کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 60

عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپٹیل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 08 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتاری عمل میں لائی، تھانہ کرپا پولیس ٹیم نے ملزم محسن علی کو گرفتار کرکے ایک عدد پسٹل تیس بور برآمد کرلیا، تھانہ لوہی بھیر پولیس ٹیم نے ملزم علی ندیم کو گرفتار کرکے ایک عدد نائن ایم ایم پستول برآمد کرلیا، جبکہ بغیر اجازت گیس سلنڈروں میں بھرائی کرنے پر ملزم ساجد کو گرفتار کرلیا، تھانہ بھارہ کہو پولیس نے ملزم ندیم خان کو گرفتار کرکے ایک عدد نائن ایم ایم پستول برآمد کرلیا، تھانہ نیلور پولیس نے بغیر اجازت گیس سلنڈروں میں بھرائی کرنے پر ملزم راشد کو گرفتار کرلیا۔

بقیہ 61

عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپٹیل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 08 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتاری عمل میں لائی، تھانہ کرپا پولیس ٹیم نے ملزم محسن علی کو گرفتار کرکے ایک عدد پسٹل تیس بور برآمد کرلیا، تھانہ لوہی بھیر پولیس ٹیم نے ملزم علی ندیم کو گرفتار کرکے ایک عدد نائن ایم ایم پستول برآمد کرلیا، جبکہ بغیر اجازت گیس سلنڈروں میں بھرائی کرنے پر ملزم ساجد کو گرفتار کرلیا، تھانہ بھارہ کہو پولیس نے ملزم ندیم خان کو گرفتار کرکے ایک عدد نائن ایم ایم پستول برآمد کرلیا

بقیہ 62

عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپٹیل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 08 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتاری عمل میں لائی، تھانہ کرپا پولیس ٹیم نے ملزم محسن علی کو گرفتار کرکے ایک عدد پسٹل تیس بور برآمد کرلیا، تھانہ لوہی بھیر پولیس ٹیم نے ملزم علی ندیم کو گرفتار کرکے ایک عدد نائن ایم ایم پستول برآمد کرلیا۔

چاہتا ہوں پاکستان کا ہر سیاستدان جیل سے باہر ہو، مولانا فضل الرحمن

پاکستان داخلی مشکلات اور بیرونی خطرات سے دوچار، معاملات وقت کیساتھ گھمبیر ہوتے جارہے ہیں

مریض اگر مرض تسلیم نہیں کرتا تو مرض بڑھتا جائیگا، بحیثیت قوم ہمیں وطن کیلئے سوچنا پڑے گا، سربراہ جے یو آئی

پشاور(این این آئی)جمعیت علماء اسلام(ف)کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہاہے کہ میں چاہتا ہوں پاکستان کا ہر سیاستدان جیل سے باہر ہو۔پاکستان داخلی مشکلات اور بیرونی خطرات سے دوچار ہے، معاملات وقت کے ساتھ ساتھ گھمبیر ہوتے جارہے ہیں،مریض اگر مرض کو تسلیم ہی نہیں کرتا تو مرض بڑھتا جائے گا، بحیثیت قوم ہمیں اپنے وطن کیلئے سوچنا پڑے گا۔پشاور میں سوشل میڈیا کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ سوشل میڈیا کے بارے میں ہمارے نوجوان اچھی طرح جانتے ہیں، گھر میں پوتے کبھی کبھی سوشل میڈیا کے بارے میں سکھاتے ہیں، اس وقت سنجیدگی کے ساتھ غور کرنا ہوگا کہ مشکلات ہیں کیا۔کچھ حقائق کو(بقیہ نمبر 30)

سرکاری رہائش کیلئے خالی ہونے سے مشروط لیٹرز غیر قانونی قرار

جنرل ویٹنگ لسٹ میں شامل وفاقی ملازمین کا ڈیٹا تیار کرنے کی ہدایت

اسلام آباد(اے ایف پی) ہائیکورٹ نے اسلام آباد میں سرکاری رہائش کے لیے سبجیکٹ ٹو ویکنسی) خالی ہونے سے مشروط (الاٹمنٹ لیٹرز کا اجرا غیر قانونی قرار دے دیا۔جسٹس بابر ستار نے کنٹریکٹ ملازم سمیرا صدیقی کی الاٹمنٹ منسوخی کیخلاف درخواست خارج کرنے کا تفصیلی فیصلہ جاری کردیا۔ہائیکورٹ نے قرار دیا کہ سبجیکٹ ٹو ویکنسی تمام الاٹمنٹ (بقیہ نمبر 31)

کمشنر بنوں ڈویژن پرویز شبت خیل باران ڈیم سے نکلے ہوئے مروت کینال کا جائزہ لے رہے ہیں

ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کیلئے ''ناک دی ڈور'' مہم جاری

تھانہ سنبل کی حدود میں 450 گھروں کے 147 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل

اسلام آباد(این این آئی)اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر کے خصوصی احکامات پر گھر گھر جاکر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کیلئے ''ناک دی ڈور'' مہم کا سلسلہ جاری ہے، تھانہ سنبل کی حدود میں 450 گھروں کے 147 گھریلو ملازمین کے(بقیہ نمبر 33)

یو بی ایل برانچ گوجر خان کا یوٹیلیٹی بل جمع کرنے سے انکار

ہم بل جمع نہیں کرتے کہیں اور جا کر جمع کروالو، شہری دلبرداشتہ، نوٹس کا مطالبہ

گوجرخان (قمر شہزاد) بجلی بل جمع کروانے کے لیے جانے والے شہری سے یو بی ایل بنک ریلوے روڈ گوجرخان کے عملے کا ہتک آمیز رویہ بجلی کے بلوں کی کولیکشن ہمارے یو بی ایل بنک میں نہیں کی جاتی کسی دوسرے بنک میں جا کر جمع کروادو، نجی بنک میں بیٹھا عملہ شہریوں کو ذلیل و خوار کرنے لگا ارباب اختیار اور اے سی گوجرخان سے نوٹس لینے کا مطالبہ(بقیہ نمبر 34)

دو گمشدہ بچوں کو تلاش کرکے بحفاظت والدین کے حوالے کردیا گیا

اسلام آباد(این این آئی)اسلام آباد کیپٹل پولیس تھانہ شالیمار پولیس ٹیم نے تکنیکی اور انسانی ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے دو گمشدہ بچوں کو تلاش کرکے بحفاظت والدین کے حوالے کردیا، بچوں کے والدین نے پولیس ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور اسلام آباد کیپٹل پولیس کی کاوشوں کو سراہا۔تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل پولیس وفاقی دارلحکومت میں امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے(بقیہ نمبر 32)

سلنڈر دھماکا، ایک شخص جاں بحق

لاہور(پینا نیوز)الکریم چوک ٹاون شپ ویلڈنگ کی دکان میں سلنڈر دھماکے میں ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ریسکیو حکام کے مطابق دھماکے میں 3 افراد زخمی بھی ہوئے جنہیں طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔واقعے کی مزید تحقیقات کی جارہی ہیں۔

مصر؛ پولیس اہلکار نے 2 اسرائیلی سیاحوں کو گولیاں مار کر ہلاک کردیا

قاہرہ(پینا نیوز)مصر میں اسکندریہ کے علاقے میں پولیس اہلکار کی فائرنگ میں 2 اسرائیلی سیاح اور ایک مصری گائیڈ ہلاک ہوگیا۔عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ واقعہ اسکندریہ میں پومپی کے ستون کے مقام پر پیش آیا جہاں ایک پولیس اہلکار نے اسرائیلی سیاحوں کے گروپ پر فائرنگ کردی جس میں دو اسرائیلی ہلاک اور ایک مصری زخمی ہوگیا تھا۔حملے میں زخمی ہونے والا مصری دوران علاج اسپتال میں دم توڑ دیا اس طرح مصری پولیس کے اہلکار کی فائرنگ میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 3 ہوگئی۔فائرنگ کرنے والے پولیس اہلکار کو حراست میں لے لیا گیا۔

Diabetes Awareness Campaign
By
Dr Zahid Mahmood
RAWALPINDI PRESS CL
nni

راولپنڈی، پریس کلب میں منعقدہ فری میڈیکل کیمپ میں ڈاکٹر زاہد محمود صحافیوں کا چیک اپ کررہے ہیں

''خوشحال پاکستان'' کے سلوگن کا ٹکٹ جاری کیا جائے

ایف بی آر ہر شخص کو شک کی نگاہ سے دیکھنے، شکنجہ کسنے کی پالیسی کو ترک کرکے اپنا اعتماد بحال کرے' لاہور ٹیکس بار

محفوظ راستہ فراہم کیا جائے، نان فائلرز کیلئے آسانی پیدا کرکے اربوں اکٹھے، گوشواروں کی تعداد میں کئی گنا اضافہ ہوسکتا ہے

لاہور (این این آئی)لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ آڈٹ کے نام پر ہراساں کرنے کا سلسلہ بند ہونا چاہیے،لاکھوں کی این ٹی این ہولڈرز کی تعداد میں سے اکثریت صرف خوف کی وجہ سے ریٹرنز جمع نہیں کرواتے، محفوظ راستہ فراہم کیا جائے صرف اس اقدام سے چند دنوں میں اربوں اکٹھے ہوسکتے ہیں اور گوشواروں کی تعداد میں بھی کئی گنا اضافہ ہوجائے گا۔ان خیالات کا اظہار صدر(بقیہ نمبر 35)

سرگودھا، عدالت کے حکم پر بیلف کا سابق شوہر کے گھر چھاپہ

بیلف نے توصیف علی کے گھر چھاپہ مار کر سامان جہیز مطلقہ رخسانہ مشتاق کو دلوا دیا

سرگودھا(این این آئی)عدالت کے حکم پر بیلف نے سابق شوہر کے گھر چھاپہ مار کر جہیز کا سامان مطلقہ بیوی کو واپس دلاوا دیا۔تفصیلات کے مطابق مقامی عدالت میں چک 44 جنوبی کی رخسانہ مشتاق نے درخواست دی کہ چار سال قبل اس کی شادی چک 99 جنوبی کے توصیف علی کیساتھ ہوئی اور شوہر اکثر گھر کا خرچ مانگنے پر تشدد کا نشانہ بناتا جس (بقیہ نمبر 36)

نوبیاہتا جوڑا شادی کا فوٹو شوٹ کروانے پیٹرول پمپ پہنچ گیا

نبیل نامی فوٹوگرافر کے انسٹاگرام پیج پر سلمان اور سحر نامی ایک جوڑے کی چند تصاویر شیئر

کراچی (این این آئی) سوشل میڈیا پر نبیل نامی فوٹوگرافی پیج پر سلمان اور سحر نامی ایک جوڑے کی چند تصاویر شیئر کی گئی ہیں جو دیکھتے ہی دیکھتے سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی ہیں۔ ان تصاویر میں دلہا دلہن کو کسی تاریخی یا خوبصورت مقام کے بجائے پیٹرول پمپ پر فوٹو شوٹ کرواتے دیکھا گیا۔پیٹرول پائپ کے ذریعے گاڑی میں پیٹرول ڈالتی دلہن کی معصومیت اور دلہے کی مسکراہٹ نے سوشل میڈیا صارفین کی توجہ اپنی جانب سمیٹی جبکہ سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے بھی فوٹو شوٹ پر مزاحیہ تبصرے دیکھنے کو ملے۔پیٹرول کی(بقیہ نمبر 37)

آپریشن الاقصی فلڈ دوسرے روز بھی جاری، 250 اسرائیلی ہلاک

1500 سے زائد زخمی، 230 فلسطینی شہید ہوگئے

غزہ (اے ایف پی) فلسطین کی مزاحمتی تحریک حماس کی جانب سے اسرائیل کے خلاف شروع کئے جانے والا آپریشن الاقصی فلڈ دوسرے بھی جاری رہا جس کے نتیجے میں 250 سے زائد اسرائیلی ہلاک ہوچکے جبکہ اسرائیلی ڈیفنس فورسز (آئی ڈی ایف) کے جوابی حملوں میں 230 سے زائد فلسطینی شہید ہوگئے ۔اسرائیلی مظالم،طویل محاصرے اور مسجد الاقصی کی بار بار بے حرمتی کے خلاف فلسطینیوں کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوگیا،مزاحمتی تحریک حماس نے اسرائیل کے خلاف اعلان جنگ کرتے ہوئے زمینی ، سمندری اور فضائی حملوں سے اسرائیل کا غرور خاک میں ملا دیا۔ ہفتے کے روز حماس کی جانب (بقیہ نمبر 42)

تاش پر جواء کھیلنے والے ملزمان صادق آباد پولیس کی حراست میں

صادق آباد پولیس کی کارروائی، 11 قمار باز گرفتار

داؤ پر لگی رقم 35 ہزار روپے، 5 موبائل فون اور تاش کے پتے قبضہ پولیس میں لیے گئے

راولپنڈی(این این آئی)صادق آباد پولیس کی کارروائی،تاش پر جواء کھیلنے والے 11 قمار بازوں کو گرفتار کرکے داؤ پر لگی رقم 35 ہزار روپے، 5 موبائل فون اور تاش کے پتے قبضہ پولیس میں لیے گئے۔تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش پر جواء کھیلنے والے 11 قمار بازوں کو گرفتار کرلیا،ملزمان میں محمد رفیق،شوکت علی،اسماعیل خان،محمد رضوان،محمد شہریار،گل شیر،حارث وحید،کاشف علی،محمد سلطان،اسد شاہ اور محمد عرفان شامل ہیں،ملزمان سے داؤ پر لگی رقم 35 ہزار روپے،5 موبائل فون اور تاش کے پتے قبضہ پولیس میں لیے گئے،ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ قمار (بقیہ نمبر 41)

کوئٹہ؛ گاڑی کے قریب دھماکے میں ایک شخص جاں

کوئٹہ(پینا نیوز) نواحی علاقے سورینج کی کوئلہ کان فیلڈ کے قریب سڑک کنارے گاڑی کے قریب دھماکے سے ایک شخص جاں بحق اور ایک زخمی ہوگیا۔پولیس کے مطابق دھماکے میں جاں بحق شخص کی شناخت پاکستان منرل ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے پراجیکٹ مینیجر شبر مرزا کے نام سے ہوئی۔پراجیکٹ مینیجر پی ڈی ایم سی کارپوریشن کی کوئلہ کان فیلڈ جارہے تھے۔

ملزمان کی تصاویر و کوائف کی تشہیر پر پابندی عائد

کراچی(این این آئی)ایف آئی اے میں سائلین،ملزمان،متاثرہ اشخاص،گواہان کی تصاویر و کوائف کی تشہیر پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے نے ملزم سمیت مقدمے سے جڑے تمام متعلقہ افراد کی عزت نفس کسی صورت مجروح نہ کرنے کی ہدایت جاری کی ہے۔حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ متعلقہ افراد کی تصاویر، کوائف کسی صورت بھی سوشل میڈیا یا(بقیہ نمبر 38)

نزلہ زکام کی علامات کا سامنا کئی ہفتوں تک ہوسکتا ہے، ماہرین

لندن (این این آئی) ایک نئی تحقیق میں انکشاف کیا گیا ہے کہ نزلہ زکام (جسے طبی زبان میں کولڈ کہا جاتا ہے) کی علامات کئی ہفتوں تک سامنے آسکتی ہیں۔جرنل لانسیٹ میں شائع تحقیق میں بتایا گیا کہ لانگ کووڈ کی طرح لانگ کولڈ بھی موجود ہے۔خیال رہے کہ لانگ کووڈ سے مراد کووڈ کی علامات کا دورانیہ کئی ہفتوں یا مہینوں تک برقرار رہنا ہے۔نئی تحقیق میں بتایا گیا کہ نظام تنفس کے امراض جیسے عام نزلہ زکام کی علامات بھی ابتدائی بیماری کے (بقیہ نمبر 39)

پاکستانیوں کی بڑی تعداد شاپنگ مالز نہیں جاتی، سروے رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) حال ہی میں ہونے والے ایک سروے میں یہ انکشاف ہوا ہے کہ پاکستانیوں کی بڑی تعداد شاپنگ مالز نہیں جاتی۔گیلپ کی جانب سے حال ہی میں کیے گئے سروے میں گزشتہ روز یہ بات سامنے آئی تھی کہ حیران کن طور پر 59 فیصد پاکستانی نوڈلز کے ذائقے سے محروم ہیں جبکہ 39 فیصد پاکستانیوں نے نوڈلز کو پسندیدہ ڈش قرار دیا اور کہا کہ وہ خوب شوق سے کھاتے ہیں۔گیلپ پاکستان کی جانب سے پاکستانی عوام کی آرا پر مبنی ایک اور سروے جاری کیا گیا ہے جس میں(بقیہ نمبر40)

مصر کے سفیر ساجد بلال وزیر صحت ڈاکٹر ندیم جان سے ملاقات کررہے ہیں

کراچی میں فائرنگ سے سب انسپکٹر جاں بحق

سب انسپکٹر وادی حسین پوتے کی قبر پر حاضری و فاتحہ خوانی کے بعد واپس جارہا تھا

کراچی (این این آئی) سپرہائی وے چاکر ہوٹل کے قریب نامعلوم مسلح ملزمان کی فائرنگ سے موٹر سائیکل سوار سب انسپکٹر جاں بحق ہوگیا۔سب انسپکٹر وادی حسین قبرستان میں اپنے پوتے کی قبر پر حاضری و فاتحہ خوانی کرنے کے بعد واپس جارہا تھا کہ اسے نامعلوم مسلح ملزمان نے فائرنگ کرکے قتل کردیا،مقتول سب انسپکٹر کو سینے پر ایک گولی (بقیہ نمبر 43)

مسجدِ اقصی پر کارروائیوں کا ردعمل ہے، شہباز شریف

اسرائیل کے غیر قانونی قبضے، یہودی آبادکاری اور فلسطینیوں پر مظالم کا خاتمہ ضروری ہے

اسلام آباد(این این آئی) سابق وزیراعظم شہباز شریف نے اسرائیل پر حماس کے حملوں کو مسجد اقصی اور مقدس مقامات پر اسرائیلی کارروائیوں کا ردعمل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ مسجدِ اقصی پر کارروائیوں کا ردعمل ہے۔اپنے بیان میں انہوں نے(بقیہ نمبر 44)

انچارج ٹریفک نیوٹاؤن سرکل اپنی ٹیم کے ہمراہ تجاوزات کیخلاف کارروائی کررہے ہیں

تجاوزات ونو پارکنگ کرنیوالوں کیخلاف کارروائی جاری

4 مقدمات درج، متعدد دوکانداروں و ریڑھی بانوں کو آخری تحریری وارننگ جاری

راولپنڈی(این این آئی) سی پی او راولپنڈی کے خصوصی احکامات اور سی ٹی او کی ہدایات پر انچارج ٹریفک نیوٹاؤن سرکل کی لفٹر اور اپنی ٹیم کے ہمراہ تجاوزات و نو پارکنگ کرنیوالوں کیخلاف بھرپور کارروائی،نو پارکنگ پر 38 گاڑیوں و موٹر (بقیہ نمبر 45)

راہزنی و چوری میں مطلوب گروہوں کے دو ارکان پکڑے گئے

وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج

اسلام آباد(این این آئی)اسلام آباد کیپٹل پولیس تھانہ انڈسٹریل ایریا اور تھانہ شالیمار پولیس ٹیموں نے موثر کارروائیاں کرتے ہوئے راہزنی اور چوری کی وارداتوں میں مطلوب گروہوں کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا،گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چھینے گئے لاکھوں روپے مالیت کے قیمتی موبائل فون نقدی، مال مسروقہ اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ(بقیہ نمبر 46)

سی ٹی او راولپنڈی بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کیلئے کوشاں

بغیر روٹ پرمٹ و ڈرائیونگ گاڑیوں کیخلاف سخت و بلاتفریق کارروائی کے احکامات جاری

راولپنڈی(این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی ضلع راولپنڈی کے شہریوں کو محفوظ اور بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کیلئے کوشاں، تمام سرکل و سیکٹر انچارجز کو بغیر روٹ پرمٹ و ڈرائیونگ گاڑیوں کیخلاف سخت و بلا تفریق کارروائی کے احکامات جاری۔تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی تیمور خان ضلع راولپنڈی (بقیہ نمبر 48)

مسلم لیگ (ضیاء) کے سربراہ اعجاز الحق جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان کو علامتی گرز پیش کررہے ہیں

راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن، 6 گرفتار

ملزمان سے 6 کلو سے زائد چرس، 101 گرام آئس برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی(این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے ساڑھے 6 کلو سے زائد چرس اور 101 گرام آئس برآمد کرکے مقدمات درج کرلئے گئے۔تفصیلات کے مطابق دھمیال پولیس نے ملزم جعفر علی سے 2 کلو 10 گرام چرس، ملزم شربت خان سے 101 گرام آئس، نصیر آباد پولیس نے ملزم شبیر سے 1 کلو 650 گرام چرس، ملزم احتشام سے 1 کلو 250 گرام چرس، ویسٹریج پولیس نے ملزم التجا حسین (بقیہ نمبر 47)

منشیات فروش راولپنڈی پولیس کی حراست میں

2005 میں آنے والے قیامت خیز زلزلے کو 18 برس بیت گئے

زلزلے کے ابتدائی تخمینے 88 ہزار اموات کی صورت میں سامنے آئے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) 8 اکتوبر 2005 کی صبح پاکستان میں آئے 7.6 شدت کے زلزلے کو 18 برس گزر گئے۔ 8 اکتوبر کے زلزلے سے آزاد کشمیر، خیبر پختونخوا کے بعض علاقے بری طرح متاثر ہوئے تھے،اس زلزلے سے 30 لاکھ افراد بےگھر ہوگئے تھے، زلزلے کے ابتدائی تخمینے 88 ہزار اموات کی صورت میں سامنے آئے۔زلزلے کے باعث دریائے کنہار کے کنارے واقع خوبصورت شہر بالاکوٹ مکمل تباہ ہوگیا تھا، (بقیہ نمبر 49)

پاکستان اور چین کا ریپ سیڈ شعبے میں تعلیمی تعاون بڑھانے پر اتفاق

ہم ریپ سیڈ انڈسٹری کی ترقی میں پاکستان کی مدد کرنے کے لئے تیار ہیں، لی ڈیانرونگ

اسلام آباد (این این آئی) چین کے شہر شانسی میں واقع ہابرڈ ریپ سیڈ ریسرچ سینٹر میں ریپ سیڈ کے ماہر لی ڈیانرونگ نے کہا ہے کہ ہم ریپ سیڈ انڈسٹری کی ترقی میں پاکستان کی مدد کرنے کے لئے تیار ہیں، ہم نے پاکستانی وفد کے ساتھ بات چیت کی ہے اور ریپ سیڈ میں تعاون کے ارادے پر پہنچ گئے ہیں جس میں جراثیم کے وسائل کا تبادلہ، کوآپریٹو بریڈنگ اور باقاعدگی سے تبادلے کے دورے شامل ہیں۔گوادر پرو کے مطابق سندھ ایگریکلچر یونیورسٹی کے وائس چانسلر فتح مری کی سربراہی میں ایک وفد نے ہابر(بقیہ نمبر 50)

ایڈیٹر انچیف۔۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ
راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین
فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

قواعد مزید سخت، ایف بی آر نے کسٹمز رولز میں ترمیم کردی

افغانستان جانے والے سامان پر فنانشل سیکیورٹی کی شرط عائد کردی گئی ہے، فنانشل سیکیورٹی مجاز بینک گارنٹی کی شکل میں دی جائیگی

نئی شرائط امپورٹرز، کسٹمز ایجنٹ، بروکرز اور ٹرانسپورٹ آپریٹرز پر لاگو ہوں گی' فیڈرل بورڈ آف ریونیو

اسلام آباد(پینا نیوز)فیڈرل بورڈ آف ریونیو(ایف بی آر) نے کسٹمز رولز 2001 میں ترمیم کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے جس کے تحت پاکستان کے راستے افغانستان جانے والوں کے لیے قواعد مزید سخت ہو گئے ہیں۔ایف بی آر اعلامیے کے مطابق افغانستان جانے والے سامان پر فنانشل سیکیورٹی کی شرط عائد کر دی گئی ہے،فنانشل سیکیورٹی مجاز بینک گارنٹی کی شکل میں دی جائیگی جبکہ مالی گارنٹی(بقیہ نمبر 51)

اسلام آباد، سنگین جرائم میں ملوث 33 اشتہاری گرفتار

مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کیلئے کریک ڈاون جاری

اسلام آباد(این این آئی)اسلام آباد کیپٹل پولیس کا سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیانے پر کریک ڈاون جاری ہے، پولیس ٹیموں نے سنگین جرائم میں ملوث 33 اشتہاری مجرمان کو گرفتار کرلیا۔تفصیلات (بقیہ نمبر 52)

راولپنڈی، گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات

سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں

راولپنڈی(این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں۔تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے،سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق(بقیہ نمبر 53)

راولپنڈی، پولیس افسارن گرجا گھروں کے باہر الرٹ ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

سعودی وزارت حج وعمرہ نے احترام احرام کی وضاحت کردی

مکہ مکرمہ(پینا نیوز)سعودی وزارت حج وعمرہ کا کہنا ہے کہ احرام کے دوران چھ چیزوں کی ممانعت نہیں ان کے استعمال سے احرام کی حالت پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔سعودی خبر رساں ادارے کے مطابق وزارت حج وعمرہ نے ایکس اکاونٹ پر احرام کی حالت میں ان اشیا کے حوالے سے وضاحت کی کہ ان میں چشمہ، انگوٹھی اور گھڑی پہننا، چھوٹا بیگ، کرنسی رکھنے کا پرس یا جسم کے ساتھ باندھا ہوا چھوٹا بیگ شامل ہے۔

دسمبر کے پہلے ہفتے کیلئے ایل این جی کارگو کا سودا طے پا گیا

کراچی(این این آئی)رواں سال دسمبر کے پہلے ہفتے کیلئے ایل این جی کارگو کا سودا طے پاگیا۔اور موسم سرما میں گھریلو صارفین کو صبح 3، دوپہر 2 اور شام کو 3 گھنٹے گیس ملے گی۔دستاویز کے مطابق پاکستان ایل این جی لمیٹڈ(پی ایل ایل) کا غیر ملکی کمپنی سے دسمبر کے پہلے ہفتے کیلئے ایل این جی کارگو کا سودا طے پا گیا ہے۔دستاویز کے مطابق دسمبر کو ملنے والے کارگو کی قیمت 15.7 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو ہوگی، دوسرے ہفتے کیلئے (بقیہ نمبر 54)

حکومتی اقدامات، ڈالر کی قیمت 250 روپے تک آنے کا امکان

روپیہ ڈالر کے مقابلے میں مستحکم ہورہا ہے' افغان ٹریڈ میں 5 اشیا کی برآمد پر پابندی لگائی گئی ہے، شبر زیدی

لاہور(اے ایف پی)ماہر معاشیات شبر زیدی کے مطابق افغان ٹریڈ میں 5 اشیا کی برآمد پر پابندی لگانے اور حکومتی اقدامات کے بعد ڈالر کی قیمت 250 روپے تک آنے کا امکان ہے۔نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کے دوران شبر زیدی کا کہنا تھا کہ ایکسچینج کمپنیز ختم کرنے کیلئے اقدامات ہو رہے ہیں، ایکسچینج کمپنیز کی ٹرانزیکشن کو حکومت اچھا مینیج کررہی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ڈالر کی افغانستان اسمگلنگ کو روکا گیا ہے،روپیہ ڈالر کے مقابلے میں مستحکم ہورہا ہے، ڈالر کی قیمت 250 روپے تک آجائے گی۔افغان ٹریڈ میں 5 اشیا کی برآمد پر پابندی لگائی گئی ہے، ان(بقیہ نمبر 55)

ٹریفک وارڈن پبلک سروس مہم کے دوران گاڑی کا روٹ پرمٹ و فٹنس سرٹیفکیٹ چیک کررہا ہے

شراب سپلائرز و ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کیخلاف کارروائی، 2 گرفتار

ملزمان سے 20 لیٹر شراب اور اسلحہ وایمونیشن برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی(این این آئی) راولپنڈی پولیس نے شراب سپلائرز اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا،ملزمان سے 20 لیٹر شراب اور اسلحہ وایمونیشن برآمد کرکے مقدمات درج کرلئے گئے ۔(بقیہ نمبر 56)

اسلام آباد، 49 پیشہ ور بھکاری گرفتار، مقدمات درج

شہری پیشہ ور بھکاریوں کی حوصلہ شکنی کریں، سی پی او اکبر ناصر خاں

اسلام آباد(این این آئی)اسلام آباد کیپٹل پولیس نے پیشہ ور بھکاری مافیا کے خلاف بلا تفریق کارروائیاں کرتے ہوئے 49 پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کرکے انکے خلاف بھکاری ایکٹ کے تحت مقدمات درج کرلیے۔تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپٹل(بقیہ نمبر 58)

کراچی آرٹس کونسل میں ترکیہ کے پہلے سفیر یحییٰ کمال ترکہ جمال انکلیو نمائش دیکھ رہے ہیں

سرکاری گاڑی کو اسمگلنگ کے لیے استعمال کیے جانے کا انکشاف

کراچی(این این آئی) سرکاری گاڑی میں ممنوعہ اشیا کی اسمگلنگ کرنے کا انکشاف ہوا ہے،اپنے مفاد کے لیے گاڑی کا غلط طریقے سے استعمال کیا جارہا تھا۔تفصیلات کے مطابق سرکاری گاڑی نمبر جی ایس ڈی 767 کو ممنوعہ اشیا کی اسمگلنگ کرتے ہوئے پکڑا گیا ہے۔سرکاری گاڑی کو اپنے مفاد کے لیے غلط طریقے سے استعمال کیا جارہا تھا۔محکمہ بلدیات کے حکام نے بتایا کہ سرکاری گاڑی عبدالکریم نامی 16 گریڈ کے افسر (بقیہ نمبر 57)

سرکاری و نجی بس/ ویگن اڈوں کی انتظامیہ کو تمام اڈوں پر کرایہ نامہ آویزاں کرنے کا حکم

سرگودھا(ظہور حسین سے) سرگودھا میں سرکاری و نجی بس/ ویگن اڈوں کی انتظامیہ کو تمام اڈوں پر کرایہ نامہ آویزاں کرنے اور مناسب پارکنگ کو یقینی بنانے کا حکم دے دیا گیا۔سیکرٹری ڈسٹرکٹ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی نے ملک محمد طاہر نے ٹرانسپورٹرز اور اڈا انتظامیہ سے میٹنگ میں کہا کہ کسی بھی بس یا ویگن کو اڈے سے باہر کھڑے ہونے، ٹریف(بقیہ نمبر 59)

سابقہ حکومتوں کے غلط فیصلوں سے ملک استعمار کا اکھاڑہ بن گیا

عالمی مالیاتی اداروں کی ڈکٹیشن پر ملکی فیصلے ملک خودمختاری اور قوم کی آزادی کے لیے تباہ کن ہیں، سراج الحق

حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ مزید محاذ کھولنے سے گریز کرے، شفاف الیکشن سے استحکام آئے گا، امیر جماعت اسلامی

لاہور(آئی آئی پی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے عالمی مالیاتی اداروں کی ڈکٹیشن پر ملکی فیصلے ملک خودمختاری اور قوم کی آزادی کے لیے تباہ کن ہیں۔سابقہ حکومتوں کے غلط فیصلوں کے نتیجہ میں ملک استعمار کا اکھاڑہ بن گیا۔معیشت اور امن عامہ کی تشویش ناک صورتحال، مہنگائی، بے روزگاری کے سلگتے مسائل کے ہوتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ مزید محاذ کھولنے سے گریز کرے، شفاف الیکشن سے استحکام آئے گا۔اسلام آباد اور کابل مل کر پاکستان میں موجودہ افغان شہریوں کی واپسی کا لائحہ عمل تشکیل دیں۔لاکھوں افغانوں کی واپسی کے لیے ایک ماہ کی ڈیڈلائن جلد بازی ہے۔ پاکستان،افغانستان تعلقات مضبوط دینی، تہذیبی اور تاریخی رشتوں پر استوار ہیں۔

وفاقی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں، 8 گرفتار

24 گھنٹوں کے دوران مختلف علاقوں سے 8 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا گیا

اسلام آباد(این این آئی)اسلام آباد کیپٹل پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں جاری،24 گھنٹوں کے دوران مختلف علاقوں سے 8 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا گیا۔تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ(بقیہ نمبر 60)

رابری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ ساتھیوں سمیت رتہ امرال پولیس کی حراست میں

رابری میں ملوث گینگ کا سرغنہ 2 ساتھیوں سمیت گرفتار

چوری شدہ موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد

راولپنڈی(این این آئی) رتہ امرال پولیس کی موثر کارروائی، رابری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ کو 2 ساتھیوں سمیت گرفتار کرکے چوری شدہ موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کرلیا گیا۔تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے رابری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ کو 02 ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا،ملزمان میں گینگ کا سرغنہ کاشف عرف کاشی،نور آغا اور احمد زیب شامل ہیں، ملزمان سے چوری شدہ موٹر سائیکل اور وارداتوں (بقیہ نمبر 61)

موت کی پیشگوئی کے بعد نجومی کے چاکلیٹ کھلانے پر خاتون کا انتقال

میسیو (پینا نیوز) ایک 27 سالہ برازیلین خاتون ایک مقامی خانہ بدوش نجومی خاتون کے پاس گئیں جس نے خاتون کی قریبی موت کی پیشگوئی کی اور 1 دن بعد ہی خاتون کا انتقال ہوگیا۔عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق برازیل کی شہری خاتون فرینڈا اسلوا والوز ڈا کروز پچھو رواں ماہ ایک مقامی نجومی خاتون کے پاس اپنے مستقبل کے بارے میں پوچھنے گئی تھیں جس پر نجومی نے انہیں موت کی پیشگوئی کی اور ساتھ ساتھ ایک چاکلیٹ بھی دی۔گھر میں آکر فرینڈا نے چاکلیٹ کھائی جس کے بعد شدید پیٹ درد، قے، ناک سے خون بہنے اور ضرورت سے زائد تھوک کا سامنا کرتے ہوئے وہ بیمار ہوگئیں۔

ڈالر کی قلت، کمپنیوں کو منافع باہر بھیجنے میں مشکلات

کراچی(این این آئی)ڈالر کی کمی کی وجہ سے ملٹی نیشنل کمپنیوں کو منافع باہر بھیجنے میں مشکلات کا سامنا ہے۔عالمی نشریاتی ادارے بلومبرگ نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ رواں برس شروع ہونے والی ڈالر کی شدید قلت کی وجہ سے عالمی کمپنیاں بشمول نیسلے، یونی لیور اور فلپ موریس کا پاکستان کے بینکوں میں تقریباً ایک سے دو ارب ڈالر کا منافع پھنس گیا ہے۔رپورٹ میں بتایا گیا کہ ان کمپنیوں کے پیسے گزشتہ 18 ماہ سے پاکستانی بینکوں میں پھنسے ہوئے ہیں۔انٹرنیشنل ایئر ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے ایشیا پیسیفک کے لیے نائب صدر فلپ گوہ نے کہا کہ حال ہی میں(بقیہ نمبر 62)